آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 11 ستمبر 2020ء بمطابق 22 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 246

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:50
مغرب	7:05
عشاء	08:25

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

پشین اور کچی میں 60 سے 70 سکول بند پڑے ہوئے ہیں

سردار یار محمد رند

92 ہزار اساتذہ اور عملہ میں نصف بھی اگر درست ہو جائے تو اسے بڑی کامیاب تصور کیا جائے گا۔ بہتر کارکردگی دکھانے والے کے لئے تعریفی اسناد کے ساتھ ہی رقم دینا چاہیے

ہم لوگوں نے عوام کے پیٹ کاٹ کر سکول بنائے لیکن ان میں اصل رو تعلیم نہیں ہے، اگر میرے پاس اختیار ہوتا تو غیر حاضر اساتذہ اور عملے کو 3 دن میں ٹریبونل سے سزا دلوا کر گھر بھجوا دیتا

کرپشن، چوری سب سے زیادہ انہی 2 اضلاع کے سکولوں میں ہوتی ہے، ہمیں اپنی بچیوں کو تعلیم دلوانی چاہیے، بچیوں کی تعلیم کے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا' سردار یار محمد رند

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے انکشاف کیا ہے کہ پشین اور کچی میں 60 سے 70 سکول بند پڑے ہوئے ہیں، کرپشن، چوری سب سے زیادہ انہی 2 اضلاع کے سکولوں میں ہوتی ہے، ہمیں اپنی بچیوں کو تعلیم دلوانی چاہیے، بچیوں کی تعلیم کے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا۔ ہم لوگوں نے عوام کے پیٹ کاٹ کر سکول بنائے لیکن ان میں اصل رو تعلیم نہیں ہے، اگر میرے پاس اختیار ہوتا تو غیر حاضر اساتذہ اور عملے کو 3 دن میں ٹریبونل سے سزا دلوا کر گھر بھجوا دیتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جھرات کوپلی آل بلوچستان ڈویژنل ڈائریکٹرز، ڈی او ڈز کانفرنس کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

بی اے پی کے صدر وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بی اے پی بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بنیادی کردار ادا کرتی رہے گی

وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان عوامی پارٹی صرف بلوچستان تک محدود نہیں ہے، پارٹی کا شمار قومی سطح پر ملک کی بڑی پارٹیوں میں ہوتا ہے بلوچستان عوامی پارٹی کی موثر نمائندگی وفاقی حکومت سینٹ، قومی اسمبلی سمیت خیبر پختونخوا کے پارلیمان میں بھی ہے

پارٹی کے تمام عہدوں اور ونگز کے انتخاب کے طریقہ کار، الیکشن مینجمنٹ اور الیکشن سیل کے قیام، نظم وضبط اور احتساب سے متعلق ضابطہ کار اور کمیٹی کے قیام اور ڈسپلنری کمیٹی کے قیام کے طریقہ کار شامل تھے

اپنے منشور کے مطابق بی اے پی بلوچستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کی حیثیت سے بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بنیادی کردار ادا کرتی رہے گی' بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ن ح ن) بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے منعقد ہونے والے اجلاس میں پارٹی کے صدر کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا گیا ہے کہ ان کی قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی کو قومی سطح پر ایک مستحکم سیاسی جماعت کے طور پر آگے بڑھایا جائے گا، انہوں نے اپنے منشور کے مطابق بی اے پی بلوچستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کی حیثیت سے بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بنیادی کردار ادا کرتی رہے گی، اجلاس میں پارٹی کے چیف آرگنائزر میر جان محمد جمالی، پارٹی سے تعلق رکھنے والے وفاقی و صوبائی وزراء، اراکین سینٹ، قومی و صوبائی اسمبلی، پارٹی کے اراکین کے پی کے اسمبلی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی، اجلاس کے ایجنڈا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ایک ارب ستر کروڑ کی لاگت سے بلوچستان کے پہلے کینسر ہسپتال کی تعمیر کا آغاز

ہسپتال کی تعمیر کے بعد بلوچستان میں کینسر کے مرض میں مبتلا افراد اپنا علاج کوئٹہ میں کرا سکیں گے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں بلوچستان کے پہلے کینسر ہسپتال کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا ایک ارب ستر کروڑ روپے کی لاگت سے ہسپتال کی تعمیر کا کام دو سال میں مکمل ہو جائے گا ہسپتال کی تعمیر کے بعد بلوچستان میں کینسر کے مرض میں مبتلا افراد اپنا علاج کوئٹہ میں کرا سکیں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی کی چینی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

متنازعہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں ہندوستان کے متعصبانہ رویے کی عکاسی کرتی ہیں، وزیر خارجہ کی گفتگو

ماسکو (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین خطے میں قیام امن اور استحکام کے حوالے سے، باہمی اعتماد اسٹریٹیجک شراکت دار ہیں اور اس شراکت داری میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے ماسکو میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ملکی ترقی کا راز قائداعظم کے رہنما اصولوں اور افکار میں پنہاں ہے، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

قائداعظم محمد علی جناح 20 ویں صدی کے عظیم رہنما اور ذہانت و راست بازی کی بہترین پیکر تھے، مشترکہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے اقوام عالم میں ایک باعزت مقام حاصل کرنے کے لیے قائداعظم محمد علی جناح کے سنہری اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار قائداعظم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کراچی صدر مملکت عارف علوی سے وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود اور گورنر سندھ عمران اسماعیل ملاقات کر رہے ہیں

ملک میں اوورسیز پاکستانیوں اور دہری شہریت والوں کو غدار سمجھا جاتا ہے، وزیر اعظم

کہتے ہیں دہری شہریت والا بندہ عہدہ نہیں لے سکتا، وہ کوئی وزیر نہیں بن سکتا، ہر دوسرے دن لوگ عدالت میں چلے جاتے ہیں

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھول کر ایک پیغام بہت بڑا قدم اٹھایا گیا ہے اور اس کا کہیں بہت بڑا فائدہ ہوگا، عمران خان کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ اوورسیز پاکستانی ہیں تاہم ہمارے ملک میں انہیں اور دہری شہریت والوں کو غدار سمجھا جاتا ہے حالانکہ ان سے زیادہ محب وطن لوگ ہمارے ملک میں بھی نہیں ہیں، ہم جتنا بھی پیشہ اکٹھا کرتے ہیں تو وہ قرضوں کی قسط میں چلا جاتا ہے تو جو ملک کے لیے پیسہ بچتا ہے۔ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کا سب سے بڑا اثاثہ اوورسیز

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

یوم الفتح کانفرنس کے اثرات پورے ملک اور دنیا پر مرتب ہونگے، مولانا عبدالغفور حیدری

ضلع پشین اور سمیت صوبے کے تمام اضلاع کے قائدین و کارکنان کو خراج تحسین پیش اور مبارکباد دے تا ہوں' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ یوم الفتح کانفرنس کے اثرات پورے ملک اور دنیا پر مرتب ہونگے، جمعیت علماء اسلام خیبر پختونخواہ نے 7 ستمبر کو یوم الفتح کے نام سے جو ایک عظیم الشان اجتماع

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

خاران میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو سگے بھائی جاں بحق

خاران (این این آئی) خاران میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو سگے بھائی جاں بحق۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ہرنائی شاہراہ کے قریب ٹریکٹر حادثہ ایک شخص زخمی

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی شاہراہ کے قریب ٹریکٹر حادثہ ایک شخص زخمی۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

چاغی ٹو دالبندین میں روڈ پر واقع اسماعیل پیٹرول پمپ میں اچانک آتشزدگی

دالبندین (این این آئی) چاغی ٹو دالبندین میں روڈ پر واقع اسماعیل پیٹرول پمپ میں اچانک آتشزدگی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان آج کوئٹہ کا دورہ کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان آج کوئٹہ کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

سیلاب متاثرین کی نقل مکانی کے دوران کشتی الٹ گئی، 2 بچیاں جاں بحق

سکھر (این این آئی) ایدھی انفارمیشن سکھر کے جاری کردہ بیان کے مطابق خیر پور، پیر گوٹھ کے کچے کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

عمران خان کا کورونا سے نمٹنے والے کامیاب سیاستدانوں کی فہرست میں پہلا نمبر

اسلام آباد (این این آئی) کورونا وبا پر قابو پانے کی بروقت اور زبردست حکمت عملی، کامیاب سیاستدانوں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

انشورنس کلیمز سے متعلق لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جائیں، صدر مملکت

کراچی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت جھرات کو انشورنس ریفرم کے شعبے کو بہتر بنانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی محتسب برائے انشورنس، ایس ای سی پی، بینکنگ سپروائزن گروپ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور انشورنس کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر اعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی ایم ایف نے بجلی اور گیس کی قیمتیں مزید بڑھانے کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) مالی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے پاکستان سے ایک مرتبہ پھر گیس

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

جعلی شیر کرپشن کیسز کا سامنا کرے، شہباز گل کی نواز شریف پر تنقید

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل کی جانب سے جاری بیان میں کہا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

حکومت کا تعلیمی اداروں میں ایس او پیز یقینی بنانے کیلئے کمیٹیاں تشکیل

صوبہ بھر کے تمام اسکولوں میں ایس او پیز اور ٹیسٹنگ حکمت عملی کے نفاذ کیلئے ضلعی سطح پر تین رکنی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں

بلوچستان حکومت نے صوبے میں 15 ستمبر سے تعلیمی اداروں کو مرحلہ وار کھولنے کا فیصلہ کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) حکومت نے تعلیمی اداروں میں احتیاطی تدابیر (ایس او پیز) کے نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے کمیٹیاں تشکیل دیدی۔ صوبہ بھر کے تمام اسکولوں میں ایس او پیز اور ٹیسٹنگ حکمت عملی کے نفاذ کیلئے ضلعی سطح پر تین رکنی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔ صوبے میں سرکاری سطح پر چلنے والے تقریباً 14 ہزار پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں میں COVID-19 سے نمٹنے کیلئے ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے فرائض سرانجام دیں گے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت نے تعلیمی اداروں میں احتیاطی تدابیر (ایس او پیز) کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

عوام کی جانوں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، لیاقت شاہوانی

قومی شاہراہوں پر ڈرائیوروں کی غفلت، لاپرواہی اور غیر ضروری تیز رفتاری کے باعث ہر سال سینکڑوں لوگ حادثات کی نظر ہو کر موت کی آغوش میں چلے جاتے ہیں

حادثات کی روک تھام کے لیے فوری طور پر تمام ضروری اقدامات کیے جائیں تاکہ آئندہ اس طرح کا کوئی حادثہ رونما نہ ہونے پائے' ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (ن ح ن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کنڈ کوچ کے مقام پر کوچ اور کار کے تصادم میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی شاہراہوں پر ڈرائیوروں کی غفلت، لاپرواہی اور غیر ضروری تیز رفتاری کے باعث ہر سال سینکڑوں لوگ حادثات کی نظر ہو کر موت کی آغوش میں چلے جاتے ہیں جبکہ سینکڑوں افراد عمر بھر کے لئے معذور ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے تیز رفتاری کے باعث آئے روز ہونے والے حادثات کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ حادثات کی روک تھام کے لیے فوری طور پر تمام ضروری اقدامات کیے جائیں تاکہ آئندہ اس طرح کا کوئی حادثہ رونما نہ ہونے پائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے تیز رفتاری کو کنٹرول کرنے کے لیے فوری طور پر کوچز میں اسے خودکار ٹریکر نصب کرنے کی ہدایت کی ہے جس کی تنصیب سے کوچز کی فی گھنٹہ رفتار 100 کلو میٹر سے بڑھ جانے پر انجن خود بخود بند ہو جاتی ہے۔ قومی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

گوادر تا تربت ڈیرہ M8 کا ونگو سیکشن حالیہ بارشوں سے تباہ

کھوڑی ضلع خضدار تا سونخ جھل گھی 70 کلومیٹر تک سی پیک کو ملانے والی اہم سڑک سیلابی پانی کے نظر ہو چکا ہے

لینڈ اور راک سلائیڈنگ کی وجہ سے اہم شاہراہ سفر کے لیے ناقابل استعمال' جگہ جگہ پل ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں

خضدار (آن لائن) گوادر تا تربت ڈیرہ M8 کا ونگو سیکشن حالیہ بارشوں سے تباہ لینڈ اور راک سلائیڈنگ کی وجہ سے اہم شاہراہ سفر کے لیے ناقابل استعمال' این ایچ اے حکام خواب خرگوش میں بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما میر محمد آصف بنگلزئی ایس ایس پی کنگو سیف اللہ مارگٹی کا ٹور راجہ کا کا حمید اسٹاپ میر محمد عابد رحیم بلوچ محمد اکرم لہڑی و دیگر نے میڈیا نمائندوں کے ہمراہ گوادر تا تربت ڈیرہ M8 ونگو سیکشن کا دورہ کیا اور حالیہ بارشوں سے ہونے والی تباہ کاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میر محمد

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بی ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ ہارٹیکس کی کاروائی انٹوکار سے 20 کلو ہیروئن کی چرس برآمد ملزمان فرار

سبی (این این آئی) سبی ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ ہارٹیکس کی بڑی کاروائی انٹوکار سے 20 کلو ہیروئن کی چرس برآمد ملزمان فرار تفصیلات کے مطابق ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ ہارٹیکس کے اہل کاروں نے گشت کے دوران ایک آٹو کار کو مشکوک سمجھ کر رکنے کا اشارہ کیا لیکن آٹو کار کے ڈرائیور نے گاڑی بھگائی ایکسائز ٹیکسیشن

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پاکستان ریلویز کا کوئٹہ ڈویژن ملازمین کی قلت کا شکار ہو گیا 57 ہلاکت خیز و سوکلومیٹر ٹریک کی دیکھ بھال کیلئے تعینات

انجن ڈرائیورز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ریٹائرڈ ہونے والے ڈرائیور کو تین سال کے کنٹریکٹ پر دوبارہ رکھا لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ریلویز کا کوئٹہ ڈویژن ملازمین کی قلت کا شکار ہو گیا 267 گینگ مینوں میں سے صرف 57 ہلاکت خیز و سوکلومیٹر ٹریک کی دیکھ بھال کیلئے تعینات ہیں انجن ڈرائیورز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ریٹائرڈ ہونے والے ڈرائیور کو تین سال کے کنٹریکٹ پر دوبارہ رکھا لیا گیا کوئٹہ سی سیکشن پر انگریز دور کے بنے اس سے زائد ریلوے اسٹیشن بند کر دیئے گئے ریلوے حکام کے مطابق محکمہ ریلویز کا کوئٹہ ڈویژن مختلف شعبوں میں کام کرنے والے ملازمین کی کمی سے شدید مشکلات سے دوچار ہے، تقریباً ہیوسوکلومیٹر ٹریک کے ریلوے ڈویژن میں ریلوے پیٹری، پلوں اور سڑکوں کی مرمت

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے پاکستان ریڈ کراسنٹ سوسائٹی کے سیکرٹری جنرل پیر عزیز الحق کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

فیاض الحسن چوہان کا ایک وفاقی وزیر کے دماغ میں "بھوسہ" بھرا ہونے کا انکشاف حیران کن ہے، حافظ حسین احمد

"سائنس" کا ہی کمال لگتا ہے کہ "بھوسے" کے بل بوتے پر فلکیات کی گتھیاں سلجھائی جاتی رہی، جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان اور سابق پارلیمنٹرین حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ وزیر اطلاعات صوبہ پنجاب عزیزی فیاض الحسن چوہان نے ایک وفاقی وزیر کے دماغ میں "بھوسہ" بھرے ہونے کا انکشاف کر کے نہ صرف ہمیں حیران و پریشان کر دیا بلکہ اس حوالے سے ہماری معلومات میں بھی بے پناہ اضافہ ہوا۔ جھرات کو اپنی رہائش گاہ جامعہ مطلع العلوم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ حسین احمد نے کہا کہ ہم تو سمجھ رہے تھے کہ وفاقی وزراء کی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بلوچستان 8188 سرکاری سکولز میں پینے کا پانی نہ ہونے کا انکشاف

بلوچستان حکومت کی جانب سے صوبے میں ہائیر و ثانوی تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے 75 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں، جبکہ رواں سال کے دوران تعلیم کیلئے بجٹ میں 63.5 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں

علاوہ 11 ہزار 795 سکولز میں پینے کے پانی کی سہولت، 7 ہزار 998 سکولز چار دیواری اور 1942 سکولز بلنگز سے محروم جبکہ 12 ہزار 258 سکولز بجلی کی سہولت سے محروم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں 8 ہزار 188 سرکاری سکولز میں بیت الخلاء کی سہولت نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے اس کے علاوہ 11 ہزار 795 سکولز میں پینے کے پانی کی سہولت، 7 ہزار 998 سکولز چار دیواری اور 1942 سکولز بلنگز سے محروم جبکہ 12 ہزار 258 سکولز بجلی کی سہولت سے محروم ہیں۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان بھر میں قائم 8 ہزار 188 سکولز میں بیت الخلاء کی سہولت نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے، اس وقت صوبہ بھر میں لڑکیاں اور لڑکوں کے پرائمری، مڈل اور ہائی اسکولوں کی تعداد 14 ہزار 979 ہیں، بار بار اعلانات کے باوجود اب بھی 11 ہزار 795 سکولز میں پینے کے پانی کی سہولت، 7 ہزار 998 سکولز چار دیواری کے بغیر، 1942 بلنگز کے بغیر جبکہ 12 ہزار 258 سکولز میں بجلی کی سہولت نہیں

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے مقامی قبرستان سے ایک خاتون کی لاش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے مقامی قبرستان سے ایک خاتون کی لاش برآمد۔ پولیس کے مطابق جھرات کو کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد مضافا چوک کے قریب قبرستان سے ایک خاتون کی لاش ملی جسے شناخت کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی جاری ہے۔

بلوچستان عوامی پارٹی بھٹکے ہوئے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لئے پرعزم ہے' سابق رکن قومی اسمبلی خلیل جارج

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما و سابق رکن قومی اسمبلی خلیل جارج نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی بھٹکے ہوئے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لئے پرعزم ہے بی اے پی نے صوبے میں بسنے والی تمام اقوام اور اقلیتوں کو بھرپور نمائندگی دیکر ثابت کیا ہے کہ صوبے میں ترقی لانے والی جماعت بلوچستان عوامی پارٹی ہے، یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ میں آل اقلیتی سینٹ اقلیتی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ضلع کچھی کو محکمہ صحت مفت اور معیاری علاج معالجے کی سہولت بہم پہنچا رہا ہے' میر لیاقت رند

تمام ڈاکٹرز اور عملے کو ڈیوٹی کا پابند بنایا گیا ہے 24 گھنٹے علاج و معالجے کی سہولت میسر ہے' ضلعی ہیلتھ آفیسر

بھی تشکیل بنائی گئی ہے عوام محکمہ صحت کی جانب سے وضع کردہ گائڈ لائنز سے بچاؤ اور حفاظتی ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ہسپتال بھچ کے تحصیلی دورے کے بعد صحافیوں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

چیئرمین این ایچ اے کیپٹن (ر) سکندر قیوم حب برج کا معائنہ کر رہے ہیں

کسی کو بھی امن و امان خراب کرنے کی اجازت نہیں دینگے، نور محمد دمڑ

تحفظ کیلئے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنائے ہرنائی شہر میں چوری، اور منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کے خلاف فوری ایکشن لیکر انہیں گرفتار کیا جائے

ضلع ہرنائی سمیت صوبے بھر میں امن و امان خراب کرنے چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف حکومت فوری ایکشن لینگے' صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما و صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی میں گزشتہ شب ہندو تاجر کے گھر میں چوری کی وارادات سمیت ہرنائی شہر میں دیگر افراد کے گھروں میں چوری کے وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائے گئے ضلع ہرنائی سمیت صوبے بھر میں امن و امان خراب کرنے چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف حکومت فوری ایکشن لینگے ایس پی پولیس ہرنائی، اور ضلعی انتظامیہ ہرنائی میں اقلیتی برادری سمیت ضلع میں امن و امان کے قیام اور عوام کی جان و مال کی تحفظ کیلئے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنائے ہرنائی شہر میں چوری، اور منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کے خلاف فوری ایکشن لیکر انہیں گرفتار کیا جائے ایس پی ہرنائی کو اقلیتی برادری کی جان و مال کی تحفظ کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے سیکورٹی اقدامات کو مزید بہتر بنائے اقلیتی برادری کی تحفظ ہماری ذمہ داری ہے جس میں غفلت والا رویہ برداشت نہیں کرینگے ہندو

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سندھ حکومت متاثرین برسات کو کسی صورت میں تنہا نہیں چھوڑے گی، بلاول بھٹو

اس مشکل وقت میں وفاقی حکومت نے سندھ کی عوام کو لاوارث چھوڑا ہوا ہے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

سندھ کے ان متاثرین کی مدد اور بحالی کیلئے وزیر اعظم عمران خان کو متاثرہ علاقوں کا دورہ کرنا چاہیے، عمرکوٹ میں خطاب

عمرکوٹ (این این آئی) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ حکومت متاثرین برسات کو کسی صورت میں تنہا نہیں چھوڑے گی، متاثرین کی بحالی کیلئے صوبائی حکومت تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔ اس مشکل وقت میں وفاقی حکومت نے سندھ کی عوام کو لاوارث چھوڑا ہوا ہے۔ سندھ کے ان متاثرین کی مدد اور بحالی کیلئے وزیر اعظم عمران خان کو ان متاثرہ علاقوں کا دورہ کرنا چاہیے۔ جھرات کو عمرکوٹ میں شدید بارشوں سے بے گھر ہونے والے متاثرین سے خطاب

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کے ترقیاتی کاموں اور ضروری مرمت کے سلسلے میں 11 ستمبر کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے کرانی ایکسپریس اور سمنگلی ایکسپریس فیڈروں سے صبح 10 بجے سے ایک بجے دن تک بجلی بند رہے گی نیز ای روز اسٹیشن گرڈ اسٹیشن

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

حکومت کیخلاف اپوزیشن کا متحد ہونا ملک و قوم کے مفاد میں ہے' مولانا واسع

بلوچستان کے عوام کو خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور کرنے والے کس منہ سے بلوچستان کا نام لے رہے ہیں

صوبے میں بدامنی معاشی بدحالی کا دور چل رہا ہے عوام ہر حوالے سے پریشان ہیں' صوبائی امیر جمعیت و رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور کرنے والے کس منہ سے بلوچستان کا نام لے رہے ہیں، صوبے میں بدامنی معاشی بدحالی کا دور چل رہا ہے عوام ہر حوالے سے پریشان ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہی صوبے کی سب سے بڑی اور پختہ نظریات رکھنے والی جماعت ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے اپنے دو سالہ دور اقتدار میں عوام کو ذلت رسوائی، معیشت کی بربادی، بے روزگاری اور مہنگائی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے، موجودہ نااہل حکومت کے خلاف تمام اپوزیشن کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ملک و قوم کے مفاد میں ہے۔ اگر عمران نیازی کی حکومت مزید رہی تو اس کی تلافی آئندہ کئی سالوں میں ممکن نہ ہوگی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

پورالی ٹین پروجیکٹ کا منصوبہ جس دن سے قیام عمل میں لایا گیا اس دن سے یہ عوامی تحفظات کی زد میں ہے' ڈپٹی ڈی شفیع مینگل

مقامی زمینداروں کی روزمرہ زندگی کے معاملات کو اسی پروجیکٹ نے بری طرح متاثر کر کے رکھ دیا ہے، مقامی زمینداروں و ملکانین

اوتھل (این این آئی) پورالی ٹین پروجیکٹ کے ڈپٹی پی ڈی شفیع مینگل اور دیگر ذمہ داران کے دورہ ویلہ کے دوران مقامی زمینداروں ملکانین کے درمیان زبردست نوک جھونک اور بحث مباحثے کا دور چلا اور ماحول مکمل طور پر مچھلی بازار بن کر رہ گیا اس موقع پر مقامی زمینداروں و ملکانین نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پورالی ٹین پروجیکٹ کا منصوبہ جس دن سے قیام عمل میں لایا گیا اس دن سے یہ عوامی تحفظات کی زد میں ہے اور مقامی زمینداروں کی روزمرہ زندگی کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

راولپنڈی وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی۔ پولیس کے مطابق جھرات کو کوئٹہ کے علاقے شہباز ٹاؤن میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران چوروں کی فائرنگ سے نامعلوم شخص زخمی ہو گیا پولیس نے زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

پولیس اور میڈیا کا چولی دامن کا ساتھ ہے سات سال تک کوئٹہ کے میڈیا نے بھرپور ساتھ دیا' عبدالرزاق چیمہ

کوئٹہ میں قیام امن کے لئے پولیس فورس کے ساتھ ساتھ صحافیوں نے بھی گراں قدر خدمات سرانجام اور قربانیاں دی ہیں، سابق ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) سابق ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں shalquetta@gmail.com

11 ستمبر 2020ء

بلوچستان کے تعلیمی اداروں میں سہولیات کا فقدان

حکومت کے 15 ستمبر سے مرحلہ وار تعلیمی ادارے کھولنے کا اعلان تعلیمی ایمرجنسی کے دعوے لیکن اس کے برعکس بلوچستان میں 8ہزار 188 سرکاری سکولز میں بیت الخلاء کی سہولت نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے اس کے علاوہ 11ہزار 795سکولز میں پینے کے پانی کی سہولت ،7ہزار 998سکولز چاردیواری اور1942سکولز بلڈ نگز سے محروم جبکہ 12ہزار258سکولز بجلی کی سہولت سے محروم ہیں۔ بلوچستان بھر میں قائم8ہزار188سکولز میں بیت الخلاء کی سہولت نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے ،اس وقت صوبہ بھر میں لڑکیاں اور لڑکوں کے پرائمری ، مڈل اور ہائی اسکولوں کی تعداد14ہزار 979ہیں ،بار بار اعلانات کے باوجود اب بھی 11ہزار 795سکولز میں پینے کے پانی کی سہولت ،7ہزار 998سکولز چاردیواری کے بغیر ،1942بلڈ نگز کے بغیر جبکہ 12ہزار258سکولز میں بجلی کی سہولت نہیں ہے ،بلوچستان حکومت کی جانب سے صوبے میں ہائیر و ثانوی تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے75بلین روپے مختص کئے گئے ہیں ،جبکہ رواں سال کے دوران تعلیم کیلئے بجٹ میں63.5بلین روپے مختص کئے گئے ہیں ،صوبائی سیکرٹری تعلیم شیر خان بازئی کے مطابق صوبے کے سکولوں میں سہولیات کی فراہمی کیلئے صوبائی حکومت اقدامات کررہی ہے ،بنیادی سہولیات کے فقدان کے نتیجے میں طلبہ کے مقابلے میں طالبات تعلیم سے دوری اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ سکولوں سے متعلق درپیش مشکلات و چیلنجز سے آگاہ ہیں، محکمہ تعلیم صوبے میں بچوں کو سکولوں میں واپس لانے کیلئے پرعزم ہے ،صوبائی حکومت کی جانب سے صوبے میں سکولوں میں سہولیات کی فقدان کے پیش نظران مسائل سے نمٹنے کیلئے فنڈز مختص کردیئے گئے ہیں۔ ہر سال کروڑوں روپے کے بجٹ مختص کئے جاتے ہیں پر تعلیمی اداروں کی ترقی کاغذی کاروائی کی حد تک محدود ہیں۔ بنیادی سہولت نہ ہونے کے باہر ہیں۔ ملک و قوم کا مستقبل انہی اداروں سے ہو کر گزارے گا جو کہ ایک لمحہ فکریہ ہے۔

"کرونا" خدشات اور تعلیمی ادارے

وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے محکمہ صحت سمیت دیگر اداروں سے مشاورت کرکے 15 ستمبر سے تعلیمی۔ادارے کھولنے کا اعلان کر دیا ہے۔

حکومت نے 15 ستمبر سے نویں، دسویں جماعت، یونیورسٹی اور کالجوں کو کھولنے کا اصولی فیصلہ کرلیا جبکہ پہلی سے پانچویں اور چھٹی سے آٹھویں جماعتوں کو ایک ہفتہ بعد کھولا جائے گا۔

تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود کی زیر صدارت بین الصوبائی وزرائے تعلیم کا اجلاس ہوا، جس میں صوبائی وزرائے تعلیم سمیت چیئرمین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای ای شریک ہوئے۔

وفاقی وزارت تعلیم نے مراحلہ وار تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق تجاویز پیش کیں، جس کے بعد 15 ستمبر سے نویں، دسویں جماعت، یونیورسٹی اور کالجوں کو کھولنے کا فیصلہ کیا گیا۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ بڑی جماعتوں کی کلاسیں کھولنے کے بعد کورونا کیسز کو مانیٹر کیا جائے گا، کورونا صورتحال کے پیش نظر ایک ہفتہ بعد چھٹی سے آٹھویں تک کی سرگرمیوں کا آغاز ہو گا

تمام صوبائی وزرائے تعلیم تعلیمی سرگرمیاں مرحلہ وار شروع کرنے پر متفق ہوئے اور کہا گیا کورونا وائرس کے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد ہو گا۔

تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود کی زیر صدارت بین الصوبائی وزرائے تعلیم کا اجلاس ہوا، جس میں صوبائی وزرائے تعلیم سمیت چیئرمین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای ای شریک ہوئے۔

وفاقی وزارت تعلیم نے مراحلہ وار تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق تجاویز پیش کیں، جس کے بعد 15 ستمبر سے نویں، دسویں جماعت، یونیورسٹی اور کالجوں کو کھولنے کا فیصلہ کیا گیا۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ بڑی جماعتوں کی کلاسیں کھولنے کے بعد کورونا کیسز کو مانیٹر کیا جائے گا، کورونا صورتحال کے پیش نظر ایک ہفتہ بعد چھٹی سے آٹھویں تک کی سرگرمیوں کا آغاز ہو گا

تمام صوبائی وزرائے تعلیم تعلیمی سرگرمیاں مرحلہ وار شروع کرنے پر متفق ہوئے اور کہا گیا کورونا وائرس کے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد ہو گا جبکہ پہلی سے پانچویں اور چھٹی سے آٹھویں جماعتوں کو ایک ہفتہ بعد کھولا جائے گا۔

تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود کی زیر صدارت بین الصوبائی وزرائے تعلیم کا اجلاس ہوا، جس میں صوبائی وزرائے تعلیم سمیت چیئرمین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای ای شریک ہوئے۔

وفاقی وزارت تعلیم نے مراحلہ وار تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق تجاویز پیش کیں، جس کے بعد 15 ستمبر سے نویں، دسویں جماعت، یونیورسٹی اور کالجوں کو کھولنے کا فیصلہ کیا گیا۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ بڑی جماعتوں کی کلاسیں کھولنے کے بعد کورونا کیسز کو مانیٹر کیا جائے گا، کورونا صورتحال کے پیش نظر ایک ہفتہ بعد چھٹی سے آٹھویں تک کی سرگرمیوں کا آغاز ہو گا۔

تمام صوبائی وزرائے تعلیم تعلیمی سرگرمیاں مرحلہ وار شروع کرنے پر متفق ہوئے اور کہا گیا کورونا وائرس کے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد ہو گا۔

اجلاس کے فیصلے حتمی منظوری کے لیے این سی او سی کو بھجوائے جائیں گے ، تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق حتمی منظوری این سی او سی دے گی۔ یاد رہے وزیر تعلیم شفقت محمود نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا تھا کہ تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق حتمی فیصلہ 7 ستمبر کو ہو گا، کورونا وبا میں کمی آئی ہے، گزشتہ 6ماہ میں بچوں کی تعلیم بہت متاثر ہوئی ہے، تعلیمی سرگرمیاں شروع کرنے سے متعلق تجاویز بھی موجود ہیں۔

شفقت محمود کا کہنا تھا کہ اگلے سال تک وبا کے اثرات کم رہے تو پرانا شیڈول ملک میں بحال ہو جائے گا۔

ایک طرف تعلیمی ادارے کھولے جا رہے ہیں تو دوسری جانب کرونا کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں تازہ ترین اطلاعات کے مطابق بلوچستان، محرم کے بعد کورونا کے پھیلاؤ میں تیزی، ایکٹیو کیسز کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی۔ بلوچستان میں کورونا کیسز میں ایک مرتبہ پھر اضافہ ہونے لگا، صوبے میں کورونا کے ایکٹیو کیسز کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی، 5دن میں صرف صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ڈیڑھ سو کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں کورونا کے کیسز میں ایک مرتبہ پھر اضافہ ہو گیا ہے صوبے میں کورونا کے کل مریضوں کی تعداد 13ہزار 45 تک جا پہنچی جن میں سے اب تک 11ہزار 8سو 61صحت یاب جبکہ ایک سو 43جاں بحق ہو گئے ہیں۔ بلوچستان میں اب تک سب سے زیادہ کیسز ضلع کوئٹہ میں 9ہزار 5سو 28رپورٹ ہوئے ہیں جو کہ کل کیسز کے 74فیصد ہیں۔ 31اگست سے 3ستمبر تک ضلع کوئٹہ میں ایک سو 51کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ کوئٹہ کے بعد ضلع کیچ میں 3سو 94کیسز کے دوسرے، خضدار میں 3سو 56کیسز کے ساتھ تیسرے، جعفر آباد میں 3سو36کیسز کے ساتھ چوتھے، لسبیلہ میں 2سو80کیسز کے ساتھ پانچویں اور مستونگ میں 2سو 46کیسز کے ساتھ چھٹے نمبر پر ہیں۔ کورونا کے باعث جاں بحق افراد میں سب سے زیادہ 60سال سے زائد عمر کے افراد شامل ہیں جن کی تعداد 77ہیں۔ ادھر خبر ہے کہ تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق اصولی فیصلہ ہو گیا

حکومت نے 15 ستمبر سے نویں، دسویں جماعت، یونیورسٹی اور کالجوں کو کھولنے کا اصولی فیصلہ کرلیا جبکہ پہلی سے پانچویں اور چھٹی سے آٹھویں جماعتوں کو ایک ہفتہ بعد کھولا جائے گا۔

تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود کی زیر صدارت بین الصوبائی وزرائے تعلیم کا اجلاس ہوا، جس میں صوبائی وزرائے تعلیم سمیت چیئرمین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای ای شریک ہوئے۔

وفاقی وزارت تعلیم نے مراحلہ وار تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق تجاویز پیش کیں، جس کے بعد 15 ستمبر سے نویں، دسویں جماعت، یونیورسٹی اور کالجوں کو کھولنے کا فیصلہ کیا گیا۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ بڑی جماعتوں کی کلاسیں کھولنے کے بعد کورونا کیسز کو مانیٹر کیا جائے گا، کورونا صورتحال کے پیش نظر ایک ہفتہ بعد چھٹی سے آٹھویں تک کی سرگرمیوں کا آغاز ہو گا۔

تمام صوبائی وزرائے تعلیم تعلیمی سرگرمیاں مرحلہ وار شروع کرنے پر متفق ہوئے اور کہا گیا کورونا وائرس کے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد ہو گا۔

بین الافغان مذاکرات کا محور 'اصل امن معاہدہ'

قادر خان یوسف زئی

بین الافغان مذاکراتی عمل، تاحال کابل انتظامیہ کی جانب سے دوحہ معاہدے کے مطابق اسیروں کی رہائی مکمل نہ کئے جانے کے باعث تعطل کا شکار ہے۔ افغان طالبان اور کابل انتظامیہ نے ابتدائی تیاریوں کے حوالے سے اپنے وفود میں اہم تبدیلیاں کیں ہیں، تاہم دونوں فریقین تکنیکی مسائل کو وجوہ ظاہر کرکے بین الافغان مذاکرات میں تاخیر کے الزامات ایک دوسرے پر عاید کررہے ہیں۔ افغان طالبان کے قطر سیاسی دفتر کے نئے ترجمان ڈاکٹر محمد نعیم وردک کا کہنا ہے کہ جب تک تمام اسیر رہا نہیں کردیئے جاتے، اُس وقت تک بین الافغان مذاکرات شروع نہیں کئے جائیں گے، تاہم افغان طالبان کے سربراہ شیخ ملا ہیبت اللہ اخندزادہ کی جانب سے بااختیار 21رکنی کمیٹی نامزد کردی گئی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل امریکی مذاکراتی ٹیم سے محمد عباس ستانکزئی کی سربراہی میں قطر سیاسی دفتر کی ٹیم مذاکرات کرتی رہی تھی، تاہم دوحہ مذاکرات کے کئی مراحل میں افغان طالبان کی رہبر شوریٰ سے مشاورت کی وجہ سے فیصلہ سازی کو حتمی بنانے کے لئے مکمل اختیارات حاصل نہیں تھے۔ ایک سال سے زیادہ جاری رہنے والے دوحہ مذاکرات اور اس کے نتیجے میں افغان طالبان کو "سازگار" کہا گیا۔ اب، مذاکرات کے میدان میں تبدیلی کے ساتھ ہی، افغان طالبان کے مذاکرات کاروں کی قیادت بھی تبدیل ہو گئی ہے۔

شیخ عبدالحکیم کی سربراہی میں قائم کمیٹی میں رہبر شوریٰ کے اراکین بھی شامل کئے گئے ہیں، اس طرح اکیس رکنی کمیٹی کو بااختیار قرار دیا جارہا ہے۔ شیخ عبدالحکیم امارات اسلامیہ افغانستان کے زیر کنٹرول علاقوں میں بطور چیف جسٹس فائز ہیں، ملا منصور کے ڈرون حملے میں جاں بحق ہونے کے بعد شیخ عبدالحکیم کو افغان طالبان کا سربراہ بنائے جانے کی خبریں بھی سامنے آئی تھی تاہم شیخ ہیبت اللہ اخندزادہ کے متفقہ انتخاب نے امریکا و نٹو انتظامیہ کو مایوس کیا تھا۔ دوحہ میں افغان طالبان اور امریکا کے درمیان معاہدے کو 'امن معاہدہ' کے بجائے 'اصولی بنیادوں' پر مفاہمتی عمل کی دستاویزات پر دستخط قرار دیا گیا تھا، اس دستاویز میں افغان طالبان کے مجوزہ نام امارات اسلامیہ افغانستان کی توثیق بھی نہیں کی گئی، دوسری جانب افغان طالبان نے بھی کابل انتظامیہ کو تسلیم نہیں کیا، اور اصولی طور امریکا کے ساتھ کئے جانے والے معاہدے میں کابل انتظامیہ کو فریق سمجھنے کے بجائے امریکا کی کٹھ پتلی قرار دیا۔ ان کا موقف ہے کہ امریکا نے جب غیر ملکی فوجیوں کے ساتھ افغانستان میں جارحیت کی تو اُس وقت افغان طالبان کی حکومت تھی (گو کہ اس حکومت کو چند ممالک نے ہی تسلیم کیا تھا)۔ ذرائع کے مطابق افغان طالبان نے بین الافغان مذاکرات کے لئے ابتدائی فریم ورک تیار کیا ہوا ہے لیکن باقی ماندہ قیدیوں کی رہائی تک گرین سگنل دینے میں تامل برت رہے ہیں۔ واضح رہے کہ افغان طالبان کی مذاکراتی ٹیم دوحہ پہنچ چکی ہے۔

کابل انتظامیہ نے بھی ڈاکٹر عبداللہ عبداللہ کی سربراہی میں 21رکنی اعلیٰ کونسل برائے قومی مصالحت تشکیل دی ہے۔ اعلیٰ کونسل افغان طالبان سے براہ راست مذاکرات دوحہ جانے کی منتظر ہے، اعلیٰ کونسل کا انتخاب افغان صدر نے کیا ہے، دوحہ مفاہمتی مذاکرات کے دوران کوشش کی گئی کہ کسی طرح کابل انتظامیہ و افغان طالبان کے درمیان براہ راست مذاکرات شروع ہو سکیں لیکن انہیں کامیابی نہیں مل سکی تھی۔ کونسل میں سیاسی و حکومتی نمائندوں کو جگہ دی گئی ہے، تاہم کونسل کی تشکیل پر بیشتر افغان سیاسی و سماجی حلقوں کی جانب سے تنقید بھی کی جارہی ہے۔ افغانستان میں انسانی حقوق کے غیر جانبدار کمیشن کی صدر شہر زاد اکبر نے کہا کہ اس نئی کونسل کی مرکزی قیادت اور اس کے ارکان میں نوجوانوں اور خواتین کو مناسب نمائندگی نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا، "ذرا سوچیے کہ یہ اعلان اس حوالے سے افغان عوام کو کیا پیغام دے گا، جو یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل میں معاشرے کے ہر طبقے کی شمولیت ایک بنیادی تقاضا ہے۔" یورپی یونین نے بھی کابل میں کینیڈا کے سفارتخانے کے ساتھ مشترکہ بیان میں افغانستان میں انٹرا افغان مذاکرات کو جلد شروع کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ یورپی یونین کے بیان میں کہا گیا ہے کہ، "ہم حالیہ مثبت رفتار کو نوٹ کرتے ہیں اور تمام افغان سیاسی قوتوں سے مستقل امن کے تاریخی موقع کو مستقل طور پر فائدہ اٹھانے کی تاکید کرتے ہیں"۔

ذرائع کے مطابق آسٹریلیا و فرانس نے جن افغان طالبان اسیروں کی رہائی پر اعتراض کیا تھا، ان قیدیوں کی رہائی بھی ممکن بنائی جارہی ہے، تاہم اس حوالے سے یہ معاملات سامنے آرہے ہیں کہ اگر کابل انتظامیہ کی امن کونسل برائے مصالحت کمیٹی پر افغان طالبان کیا ردعمل دیتے ہیں۔ قطر میں اُن سات اسیروں کو لایا جاسکتا ہے اور کسی حتمی معاہدے پر پہنچنے سے قبل ان کی رہائی ظاہر نہ کرنے کا مطالبہ بھی شامل ہے، لیکن افغان طالبان چاہتے ہیں کہ دنیا بالخصوص افغانستان میں یہ پیغام جائے (جاری ہے)

مقبوضہ کشمیر میں کورونا بے قابو

عبدالرافع رسول

بھارت میں کورونا کے قہر کے مہیب سایے مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھی پڑے ہیں اور یہاں روزانہ کورونا متاثرین کی تعداد میں ہوشربا اضافہ ہو رہا ہے۔ جس سے عوامی حلقے تشویش میں مبتلا ہیں۔ کورونا معاملات میں اضافہ کے سبب جموں و کشمیر ہائیکورٹ کو دو روز کیلئے بند کیا گیا۔ منگل 8 ستمبر 2020ء کورونا وائرس سے مزید 14افراد فوت ہو گئے جس سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 900ہو گئی جن میں سے 113جموں جبکہ 723 کشمیر سے تعلق رکھتے ہیں۔ ماہرین طب کا کہنا ہے کہ مقبوضہ وادی کشمیر میں گزشتہ چند ایام سے کورونا کا دائرہ اثر بڑھتا ہی چلا جارہا ہے اور منگل 8ستمبر کو ایک مرتبہ پھر سے ریکارڈ 1355افراد کی رپورٹس مثبت آئی ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں کورونا متاثرین کی مجموعی تعداد45ہزار کا ہندسہ پار کرکے 45925ہو گئی ہے۔ ان میں 13203 جموں جبکہ وادی کشمیر میں یہ تعداد 32722 تک پہنچ گئی۔ تازہ 1355متاثرین میں سے 785جموں جبکہ 570وادی کشمیر سے تعلق رکھتے ہیں۔ جموں کے 785متاثرین میں سے سب سے زیادہ483 جموں 55 راجوری، 31 کٹھوعہ ،59ادھمپور ،20سانبہ ،7رام بن ،35 ڈوڈہ، 43پونچھ ،17ریاسی اور 35 کشتواڑ سے تعلق رکھتے ہیں۔ کشمیر میں تازہ570متاثرین میں سے 210 سرینگر، 31 پلوامہ، 94 بڈگام، 44 اسلام آباد، 32 بانڈی پورہ، 53 کپوارہ، 10 کولگام، 16 شوپیان، 45 گاندربل سے تعلق رکھتے ہیں۔ وادی کشمیر کے سینئر ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ وادی کشمیر میں کورونا وائرس سے نمٹنے کیلئے صلاحیت بڑھائی جاتی اور عارضی اسپتال قائم کئے جاتے۔ لیکن اس کے برعکس یہاں غیر ریاستی باشندوں کو ڈومسائل کی اجرائی کی طرف ساری توجہ مرکوز رہی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہمارے سارے اسپتالوں کا کام کاج انتہائی بری طرح متاثر ہوا، اور ہمارے سارے طبی مراکز عام مریضوں کیلئے تقریباً بند ہو گئے کیونکہ اونی ڈی شعبہ کئی مہینوں تک بند رہا اور اب جب اس کو فعال بھی کیا گیا تو لوگوں کے دلوں میں ان مراکز میں جانے کا اتنا ڈر ہے کہ وہ گھروں میں ہی مرنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔ وادی کشمیر کے سینئر ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ ہر ضلع کے میں کورونا مریضوں سے نمٹنے کیلئے عام اسپتالوں سے دور کم سے کم دو عمارتیں مخصوص رکھی جانی چاہئیں تاکہ عام اسپتالوں کے کام کاج کو بلا خلل جاری رکھا جاسکتا لیکن بدقسمتی سے ایسا نہیں ہوا۔ کشمیر کے بیشتر طبی ماہرین اس رائے کا اظہار کرتے ہیں کہ کورونا مریضوں کیلئے الگ سے اسپتال قائم کئے جانے چاہئیں جہاں تعینات معالج صرف اور صرف انہی مریضوں کے ساتھ مصروف رہیں۔ اس کی ضرورت اس لئے بھی محسوس کی جارہی ہے تاکہ باقی ماندہ ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں مریضوں کا علاج و معالجہ اور کی زندگیاں بچانے میں کوئی رکاوٹ پیش نہ ہو اور ہسپتالوں کو وائرس سے پاک رکھا جاسکے جہاں بیماروں کے ساتھ ساتھ تیمارداروں کا بھی بھاری رش رہتا ہے۔ لیکن اکثر ماہرین کہتے ہیں کہ ایسا لاک ڈاؤن کیا جانا چاہئے تھا۔ مودی سرکار کی ایما پر رواں برس کے ماہ جولائی میں غیر ریاستی باشندوں "بھارتی ہندوؤں" کی ایک بڑی تعداد کو فوجی گاڑیوں میں لاد کر وادی کشمیر لایا گیا تاکہ انہیں ریاست جموں و کشمیر کی شہریت کا سرٹیفکیٹ دیا جائے۔ ان میں غالب اکثریت کورونا وائرس متاثرین کی تھی یہی وجہ بنی کہ وادی کشمیر میں کورونا بڑی تیزی اور بڑے پیمانے پر پھیلا۔ حالانکہ اسلامیان کشمیر نے غیر ریاستی باشندوں "بھارتی ہندوؤں" کو کشمیر لانے کے خلاف احتجاج بھی کیا لیکن کشمیر میں گورنری سرکار نے اسے کسی خاطر میں نہیں لایا اور اپنے ناپاک منصوبوں پر عمل درآمد کراتی رہی۔ کورونا وبا کے باعث گزشتہ دنوں وادی کشمیر میں کئی غیر ریاستی باشندے "بھارتی ہندوؤں" کی موت بھی واقع ہوئی لیکن اس کے باوجود وہ وادی چھوڑ کر واپس نہیں جاتے۔ جس سے اندازہ لگ جاتا ہے کہ انہیں واپس جانے سے جان بوجھ کر روکا جارہا ہے تاکہ ان کی وجہ سے زیادہ سے زیادہ کشمیری مسلمان کورونا وائرس سے متاثر ہو جائیں۔ واضح رہے کہ بھارت کورونا متاثرین کے حوالے سے اب دوسرے نمبر پر آچکا ہے اور امریکہ کے بعد اب بھارت اپنے جرائم اور مسلم کشی کی سزا بھگت رہا ہے۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ بھارت میں کورونا وائرس سے روزانہ نوے ہزار کورونا متاثرین منظر عام پر آرہے ہیں جبکہ اس وبا سے ہر دن ایک ہزار سے زائد لوگوں کی موت واقع ہو رہی ہے۔ بھارت سے کورونا وبا جو صورتحال سامنے آرہی ہے اور جو اعداد و شمار بتائے جارہے ہیں تو اس سے صاف طور پر پتا چلتا ہے کہ چین میں مجموعی طور وائرس سے کل جتنے لوگ متاثر ہوئے اتنی تعداد تو بھارت میں ایک دن میں سامنے آتی ہے۔ حالانکہ چین کے ہاں بھارت سے زیادہ آبادی ہے اور بھارت کو وائرس نے چین کے بہت بعد اپنی لپیٹ میں لیا۔ عام لوگوں کا خیال ہے کہ ابتدا میں جب وائرس کا پھیلاؤ محدود تھا اور جموں کشمیر میں متاثرین کی تعداد چند سو تھی تو لوگوں سے تدابیر اختیار کرنے پر لیکچر دیئے جاتے تھے لیکن جوں جوں متاثرین کی تعداد بڑھتی گئی توں توں پابندیاں بھی ہٹائی گئیں اور لوگوں کو یہ احساس دلانا شروع کیا گیا کہ انہیں اب وائرس کے ساتھ ہی جینا پڑے گا۔ ادھر بھارت کی حزب اختلاف کانگریس نے مودی سرکار کو آڑے ہاتھوں لیکر اس پر تنقید کے تیر برسائے۔ راہول گاندھی نے اچانک نافذ لاک ڈاؤن کو حملہ قرار دیا اور کہا لاک ڈاؤن کورونا پر حملہ نہیں تھا۔ لاک ڈاؤن ہندوستان کے غریبوں پر حملہ تھا۔ ہمارے نوجوانوں کے مستقبل پر حملہ تھا۔ لاک ڈاؤن مزدوروں، کسانوں اور چھوٹے تاجروں پر حملہ تھا۔ ہماری غیر منظم معیشت پر حملہ ہوا۔ ہمیں یہ سمجھنا ہو گا اور ہم سب کو اس حملے کے خلاف ایک ساتھ مل کر کھڑا ہونا ہو گا۔ راہول کا کہنا تھا کہ مودی نے ہندوستانیوں سے وعدہ کیا تھا کہ وہ 21دن میں کورونا ختم کریں گے لیکن کورونا کی شدت اور اس کی حدت پھیلتی ہی چلی گئی اور اگر مودی نے کچھ ختم کیا تو کروڑوں روزگار اور کاروبار ختم کیا۔ ایک ویڈیو بیان میں راہول گاندھی کا کہنا تھا کہ کورونا کے نام پر جو کچھ کیا گیا وہ غیر منظم شعبے پر تیسرا بڑا حملہ تھا کیونکہ غریب لوگ روز کماتے ہیں اور روز کھاتے ہیں۔ چھوٹے اور متوسط طبقے کے کاروباری افراد کا بھی یہی حال ہے۔

ڈینگی، علامات، احتیاط اور علاج

ڈاکٹر محمد اکرام

چند سال قبل پاکستان میں تیزی کے ساتھ متعارف ہونے والے وبائی مرض ڈینگی کے متعلق مکمل معلومات رکھنا ہم سب کیلئے انتہائی ضروری ہے تاکہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں خود کو اور اپنے پیاروں کو جانی نقصان سے بچایا جاسکے۔ کسی بھی مصیبت یا بیماری کے متعلق مکمل معلومات ہونا انسان کیلئے انتہائی مفید ثابت ہوتیں ہیں۔ دیکھئے موسم کے ساتھ ہی ڈینگی مچھر کی افزائش اور حملوں میں شدید اضافہ ہو جاتا ہے اس لیے بروقت ڈینگی بخار کے متعلق آگاہی حاصل کرنا لازم ہے لہٰذا آج ہم اسی موضوع پر بات کریں گے بات کریں گے ڈینگی کی اقسام، تشخیص، علاج اور احتیاط کے حوالے سے اور پوری کوشش ہو گی کہ قارئین تک مکمل معلومات پہنچ جائیں (ڈینگی کی اقسام اور پھیلاؤ) ڈینگی وائرس وائرس کی فیملی فلیوی۔ ویریڈی کے ممبر ہیں اور ان کا جینس فلیوی۔ وائرس ہے۔ یہ انتہائی چھوٹے ایک پٹی پر مشتمل آر۔ این۔ اے سے مگر بنے ہوتے ہیں۔

انسانوں میں یہ وائرس مچھروں کے ذریعے پھیلتا ہے۔ یہ وائرس ویکسی کے وقت یا حمل کے دوران ماں سے بچے میں بھی پھیل سکتا ہے (بیماری کی علامات) یہ ہڈی توڑ بخار، ڈینگی فیور، ڈینگی ہیمرہیجک فیور اور ڈینگی شاک سنڈروم کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ زیادہ تر ٹراپیکل اور سب۔ ٹراپیکل موسمی حالات میں شہری علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ تمام عمر کے افراد جو کہ متاثرہ مچھر تک رسائی رکھتے ہیں اس بیماری کا شکار ہو سکتے ہیں۔ یہ بیماری زیادہ تر ایشیاء اور جنوبی امریکہ کے ٹراپیکل علاقوں میں بارشوں کے موسم میں ہوتے ہیں جہاں وہ مخصوص مچھر زیادہ تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ یہ وائرس متاثرہ مادہ مچھروں کے کاٹنے سے انسانوں میں منتقل ہوتا ہے جبکہ انسانوں میں یہ اچھوت کی شکل اختیار نہیں کر سکتی۔ وائرس کے خون میں داخل ہونے اور علامات ظاہر ہونے تک کا دورانیہ 14۔3 دن ہے جبکہ بیماری کا دورانیہ 7۔3 دن ہے۔ علامات میں شدید سر درد، ہڈیوں جوڑوں اور پٹھوں میں شدید درد، آنکھ کے پیچھے شدید درد، جسم پر ریشم اور مختلف اشکال اور سائز کے نیل پڑ جانا، ناک سے خون نکلنا، مسوڑوں سے خون رسنا، پیشاب میں خون آنا اور بازو پر پٹی باندھنے والا ٹیسٹ پوزیٹو آنا قابل ذکر ہیں (تشخیص) ڈینگی کی تشخیص ذیادہ تر جسمانی معائنے اور علامات کو مدنظر رکھتے ہوئے کلینک میں ہی کی جاتی ہے لیکن سی۔ بی۔ سی کی رپورٹ بھی تشخیص میں مددگار ثابت ہوتی ہے اور اس میں خون کو جمانے والے خلیے پلیٹلیٹس کی تعداد نمایاں طور پر کم ہوتی ہے۔ ٹارنیکویٹ ٹیسٹ۔ بلڈ پریشر ماپنے والا آلہ بازو پر باندھ کر اس میں ہوا بھری جاتی اور نتی جتنا بازو پر پڑنے والے نیلگوں نشانات گنے جاتے ہیں اور اگر یہ ایک انچ میں 20۔10 ہوں تو ڈینگی کی تشخیص کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

علاج

علامتی علاج

او۔ آر۔ ایس

شدید کمی کی صورت میں انتقال خون

یاد رکھیں کسی بھی بیماری کا علاج فقط ڈاکٹرز ہی کرسکتے ہیں خود سے علاج انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے لہٰذا ڈینگی بخار کی کوئی ایک علامت بھی ظاہر تو فوری ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے (بیماری کا نتیجہ) ذیادہ تر افراد بالکل تندرست ہو جاتے ہیں۔ جبکہ شرح اموات 5۔1فیصد ہے جو کہ مکمل علاج سے 1فیصد سے بھی کم رہ جاتی ہے۔ تاہم اگر بلڈ پریشر خاصا کم ہو جائے تو اموات کی شرح بڑھ کر 26فیصد تک چلی جاتی ہے (احتیاط) پورے بازوں والی قمیضیں پہنیں اور پوری ٹانگوں کو ڈھانپنے والی پینٹس کا استعمال کریں۔

اپنے کپڑوں پر مچھر مار ادویات یا سپرے (پرمیتھرن) کا چھڑکاؤ کریں۔ ای۔ پی۔ اے سے منظور شدہ مچھر مار ادویات جیسا کہ ڈیٹ کا استعمال کریں اگر آپ کے علاقے میں مچھر کافی تعداد میں پائے جاتے ہیں تو مچھر دانی کا استعمال لازمی کریں۔ اپنے گھروں میں، برتنوں میں، ٹوٹے ہوئے ٹائروں میں، گلدانوں میں پانی ٹوٹی ہوئی بوتلوں میں پانی مت کھڑا ہونے دیں۔ ڈینگی کے بخار کی ویکسین لگوائیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE

حکومت مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔سراج الحق

بولان میڈیکل یونیورسٹی کے طلباوملازمین کوئٹہ میں بھوک ہڑتال پر کیوں ہیں؟(آخری قسط)

محمد کاظم

اس ملاقات کے فوراً بعد بولان میڈیکل کالج کی سابق حیثیت کو بحال کرنے اور اس کے ملازمین کو محکمہ صحت کے ماتحت کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا۔

ہڑتال جاری، ہڑتالیوں میں کمی

طلباء اور ملازمین کے مطالبات کو تسلیم کرنے کے حوالے سے اہم پیش رفت ہونے کے باوجود تادم مرگ بھوک ہڑتال مکمل طور پر ختم نہیں کی گئی لیکن بھوک ہڑتال پر بیٹھنے والوں کی تعداد میں کمی کی گئی۔

ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ نے بتایا کہ طلباء میں سے چار کی بھوک ہڑتال کے علاوہ دھرنا بھی جاری ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ جن ملازمین اور طلباء کی حالت تشویشناک ہو گئی تھی ان کی بھوک ہڑتال کو ختم کیا گیا۔

انھوں نے بتایا کہ جو نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے اس میں کالج کے ملازمین کو یونیورسٹی سے نکال کر واپس محکمہ صحت کے حوالے تو کیا گیا لیکن نوٹیفکیشن میں یہ لکھا گیا ہے کہ بولان میڈیکل کالج یونیورسٹی کا Constituents کالج رہے گا۔

ان کا کہنا تھا کہ طلباء اور ملازمین کا مطالبہ یہ ہے کہ بولان میڈیکل کالج کسی طرح بولان میڈیکل یونیورسٹی کا حصہ نہ ہو بلکہ دیگر کالجز کی طرح اس کا یونیورسٹی کے ساتھ الحاق ہو۔

انھوں نے کہا کہ جب تک بولان میڈیکل کالج کو مکمل طور پر اس کی سابقہ حیثیت میں بحال نہیں کیا جاتا وہ اپنے احتجاج کو جاری رکھیں گے۔

بشکریہ بی بی سی اردو

حکومت میں ملک چلانے کی صلاحیت نا قابلیت

پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد خورشید

پاکستان کا نظام زندگی تباہ کرنے کے بعد اب بھی حکومت این آر او کی رٹ لگانے سے تھک نہیں رہی ہے۔ عمران نیازی کا ٹولہ

شال بقیہ 1

دوران اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔اس موقع پر سیکرٹری تعلیم شیر خان بازئی، ڈائریکٹر اختر کھتران، ایڈیشنل ڈائریکٹر خلیل احمد دو دیگر بھی موجود تھے۔ان کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس سزا و جزا کا نظام ہونا چاہیے میرے پاس اختیار ہوتا تو میں ٹریبونل کے ذریعے 3روز میں غیر حاضر عملے کو سزا دلوا کر گھر بھجوا دیتا کیونکہ ٹرانسفر اور معطلی میری نظر میں اہمیت نہیں رکھتی۔ملازم معطل ہونے کے بعد گھر بیٹھ کر تنخواہیں لے رہے ہیں۔92ہزار اساتذہ اور عملہ میں نصف بھی اگر درست ہو جائے تو اسے بڑی کامیاب تصور کیا جائے گا۔انہوں کہا کہ بہتر کارکردگی دکھانے والے کے لئے تعریفی اسناد کے ساتھ ہی رقم دینا چاہیے۔سردار یار محمد رند نے کہا کہ کورونا کا اعلان کیا گیا تو مجبوراً سکولز، کالجز بند کرنا پڑے تاہم ضروری عملے کو بلایا گیا تھا۔اساتذہ کرام کا بڑا رتبہ اور کردار ہے انہیں اس پیشے کی تقدس کو برقرار رکھنا چاہیے۔

شال بقیہ 2

میں پارٹی آئین میں ترمیم اور آئین کو بہتر اور ضابطہ کار بنانا، سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی، میونسپل کونسل اور صوبائی ایگزیکٹیو کمیٹی سے متعلق امور، تنظیم سازی کے طریقہ کار، انٹرا پارٹی الیکشن کے طریقہ کار، پارٹی کے تمام عہدوں اور ونگز کے انتخاب کے طریقہ کار، الیکشن مینجمنٹ اور الیکشن سیل کے قیام، نظم وضبط اور احتساب سے متعلق ضابطہ کار اور کمیٹی کے قیام اور ڈسپلنری کمیٹی کے قیام کے طریقہ کار شامل تھے جن پر تفصیلی غور خوض کیا گیا اور اس حوالے سے متفقہ فیصلے کئے گئے، اجلاس کے شرکاء نے متعلقہ امور پر اپنی آراء دیں، محل ازیں بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر و وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے بلوچستان عوامی پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کی سب سے بڑی نمائندہ جماعت ہے پارٹی کے قیام کا مقصد بلوچستان کے عوام کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے جو یہاں کے عوام کی صوبائی اور وفاقی سطح پر حقیقی ترجمانی اور نمائندگی کرے اور صوبے کے وسیع تر مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے منظم پالیسی سازی اور جامع منصوبہ بندی کا تعین کرتے ہوئے صوبے کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرے۔

شال بقیہ 3

کے محکمہ صحت کے حکام کے مطابق کوئٹہ کے شیخ زید ہسپتال کی اضافی اراضی کینسر ہسپتال کیلئے مختص کی گئی ہے اس ہسپتال کا سنگ بنیاد گذشتہ سال وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال نے رکھا تھا لیکن کورونا وائرس کے باعث ہسپتال کی تعمیر کا آغاز نہیں ہو سکا تھا محکمہ مواصلات و تعمیرات کے حکام نے بتایا کہ کینسر ہسپتال کی تعمیر پر مجموعی طور ایک ارب ستر کروڑ روپے کی لاگت آئے گی جبکہ ہسپتال کی تعمیر کا کام دو سال میں مکمل ہو جائے گا، صوبائی حکومت نے ہسپتال کی تعمیر کیلئے ابتدائی طور پر چار کروڑ روپے کی رقم ریلیز کر دی ہے ہسپتال کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد بلوچستان میں کینسر کے مرض میں مبتلا افراد اپنا علاج کوئٹہ میں کرا سکیں گے واضح رہے کہ بلوچستان میں پچھلے پانچ برسوں کے دوران کینسر کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ سے کئی افراد کی اموات ہو چکی ہیں۔

شال بقیہ 4

نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے کمیٹیاں تشکیل دیدی صوبے میں سرکاری سطح پر چلنے والے تقریباً 14ہزار پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں میں COVID-19 سے نمٹنے کیلئے ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے فرائض سرانجام دیں گے۔بلوچستان حکومت نے صوبے میں 15 ستمبر سے تعلیمی اداروں کو مرحلہ وار کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔پہلے مرحلے میں، وفاقی حکومت کے فیصلے کے مطابق یونیورسٹیاں اور کالجز کھلیں گی اور پھر اسکول کھلیں گے۔بلوچستان میں تعلیمی اداروں / اسکولوں میں نمائش لینے اور نمونے لینے کے لئے ریپڈ ریسپانس ٹیمیں (آر آر ٹی) بھی تشکیل دی گئیں۔نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ آر آر ٹی روزانہ کی بنیاد پر کمیٹی، کورونا سیل، اور محکمہ صحت بلوچستان کی حکومت کو ڈیٹا جمع کروائے گی۔

شال بقیہ 5

شاہراہوں پر تیز رفتاری کا مظاہرہ کرنے والے ڈرائیوروں کو بھاری جرمانہ بھی کیا جائے گا۔عوام کی جانوں کے تحفظ اور حادثات کے روک تھام کے سلسلے میں ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

شال بقیہ 6

تاجر کے گھر میں چوری کی واردات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے اور یہ یقین دلاتے ہے کہ چوری میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ پائے گے ضلعی انتظامیہ اور ایس پی ہرنائی شہر و قومی شاہراہوں محلوں، دیہی علاقوں میں دن رات گشت کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ، امن وامان کا قیام موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، امن وامان کے قیام کے لیے حکومت کے ساتھ عوام کو بھی کردار ادا کرنا ہوگا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ ضلع ہرنائی ایک پرامن ضلع ہے شرپسند اور سازشی عناصر ضلع کا امن وامان خراب کرنے کیلئے پس پردہ ایسے منفی ہتھکنڈے استعمال کر کے حکومت کو بدنام کی سازشیں کر رہے ہیں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ایس پی ہرنائی ہندو تاجر سمیت دیگر گھروں میں چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت اور فوری ایکشن لینے کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری سمیت ہر شہری کی جان ومال کی تحفظ حکومت اور متعلقہ انتظامیہ کی ذمہ داری ہے جس کیلئے ضلعی انتظامیہ، پولیس، اور حکومت ملکر تمام تر اقدامات کریگے اور کسی کو بھی امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دیگے۔

شال بقیہ 7

انہوں نے کہا کہ کہا کہ نیازی حکومت میں جتنی اذیت، ذلت اور رسوائی پاکستانی عوام کو دی گئی ہے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھی حکمرانوں نے الیکشن سے قبل عوام کو سبز باغ دکھائے ایک بھی پورا نہیں کیا انہوں نے کہا کہ الیکشن سے قبل دعوں کے دو پل باندھے جو ان کے بس کی بات نہیں عوام کو پچھلے دو سالوں میں مہنگائی، بے روزگاری کے سوا کچھ نہیں ملا سود ن کے منصوبے سال کے منصوبوں میں تبدیل جبکہ دو سال کا عرصہ گزر جانے کو ہے حکمرانوں کے کئے گئے وعدے آج بھی ادھورے خواب بن کر رہ گئے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت تباہ کر کے رکھ دی گئی ملک کو بدنامی اور رسوائی کے علاوہ کچھ نہیں دیا گیا۔موجودہ نااہل حکومت کے خلاف تمام اپوزیشن کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ملک وقوم کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 8

ہے، بلوچستان حکومت کی جانب سے صوبے میں ہائیر وثانوی تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے 75بلین روپے مختص کئے گئے ہیں، جبکہ رواں سال کے دوران تعلیم کیلئے بجٹ میں 5,63بلین روپے مختص کئے گئے ہیں، صوبائی سیکرٹری تعلیم شیر خان بازئی کے مطابق صوبے کے سکولوں میں سہولیات کی فراہمی کیلئے صوبائی حکومت اقدامات کر رہی ہے، بنیادی سہولیات کے فقدان کے نتیجے میں طلبہ کے متاثرہ میں طالبات تعلیم سے دوری اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں، شیر خان بازئی نے کہا کہ سکولوں سے متعلق درپیش مشکلات و چیلنجز سے آگاہ ہیں۔

شال بقیہ 9

سے ہیں ابتدائی تحقیقات کے مطابق کار میں سوار تمام افراد غیر قانونی راستہ استعمال کر کے محنت مزدوری اور روزگار کی تلاش میں ایران جا رہے تھے مزید تفتیش مقامی انتظامیہ کر رہی ہے زخمیوں میں تین کی حالت خراب ہونے کی وجہ سے کوئٹہ ریفر کر دیا باقی زخمیوں کو دالبندین پرنس فہد ہسپتال میں طبی امداد دی جا رہی ہے۔

شال بقیہ 10

جاری ایس سی او کی کونسل برائے وزرائے خارجہ کے اجلاس کی سائیڈ لائن پر چینی وزیر خارجہ وانگ ژی کے ساتھ ملاقات کی جس میں دو طرفہ تعلقات، خطے کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال۔واضح رہے کہ گذشتہ تین ہفتوں کے دوران یہ دونوں وزرائے خارجہ کے مابین ہونے والی دوسری ملاقات ہے۔

شال بقیہ 11

محمد علی جناح کے بہترویں برسی کے موقع پر قوم کے نام اپنے علیحدہ علیحدہ پیغامات میں کہا۔سپیکر نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح 20 ویں صدی کے عظیم رہنما اور ذہانت و راست بازی کی بہترین پیکر تھے۔قائداعظم نے اپنے اعلیٰ کردار مستقل مزاجی اور جدوجہد سے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا اور ایک علیحدہ وطن حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔

شال بقیہ 12

پاکستانی ہیں اور اس بڑے اثاثے سے ہم ابھی تک فائدہ نہیں اٹھا سکے، ہندوستان اور چین نے جب پیشرفت شروع کی تو ان کو سب سے پہلے سرمایہ کاری اوورسیز عوام تھے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں جس طرح اس اثاثے کو پاکستان لا کر جس طرح ان لوگوں کو قوم کی تعمیر میں مدد کرنی تھی، وہ بدقسمتی سے اب تک نہیں ہوئی۔انہوں نے کہا کہ روشن ڈیجیٹل اکانٹ اس جانب پہلا بڑا قدم ہے اور یہ پاکستانیوں کو ملک کے کاروباروں میں حصہ لینے کا موقع فراہم کرتا ہے، جیسے ہمارا تعمیرات کا منصوبہ ہے جو پاکستان کی تاریخ کے جو سب سے دو بڑے منصوبے ہیں ان میں شامل ہے جبکہ بھاشا ڈیم، مہمند ڈیم اور ایم ایل ون کا منصوبہ بھی شامل ہے جس کی بدولت پہلی مرتبہ پاکستان کی تاریخ میں نئی ریلوے بنائے گئے ہیں۔

شال بقیہ 13

ثمار کے مطابق 12لاکھ سے زائد ہندو مقبوضہ کشمیر آئے اور ان کو ڈومی سائل دیئے گئے جس کی وجہ سے کشمیر میں مسلم اکثریت اقلیت میں تبدیل ہو رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ملک میں کرپشن ہے ملک کی عدالتوں میں قرآن کا نظام نہیں ہے، خاتون بچوں کے ساتھ جاری تھی اس کی عصمت دری کی گئی، دوسری طرف 5 سالہ بچی مروا کو مار دیا گیا، اس باطل نظام میں کسی کی عزت محفوظ نہیں ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس ملک کی تھیلوں اور پنوار خانوں میں ظلم ہے اس ملک کے ایوانوں میں وہ لوگ براجمان ہیں جن کا اسلام، نظریہ پاکستان سے کوئی تعلق نہیں وہ صرف پلانوں میں پراپرٹی، شوگر ملوں میں اضافہ کر رہے ہیں۔سراج الحق نے کہا کہ ایک مافیا ہے جس نے 22 کروڑ عوام کو یرغمال بنایا ہوا ہے، اپوزیشن پیپلز پارٹی ہے پیپلز پارٹی کی حکومت بھی ہے جب پی ٹی آئی کو ضرورت ہوتی ہے تو پیپلز پارٹی ساتھ دیتی ہے، مسلم لیگ (ن) والے چاہتے ہیں کہ ان کے کیس ختم ہو جائیں۔اس وقت ایک ہی اپوزیشن جماعت ہے اور وہ جماعت اسلامی ہے، ہم اسٹیٹس کو کے مقابلے متبادل نظام رکھتے ہیں۔استعفوں کے معاملے میں ہمارے پاس کوئی ایجنڈا نہیں ہے، جماعت اسلامی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی۔

شال بقیہ 14

پر صدر مملکت نے کہا کہ انشورنس کی صنعت کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کی جانب سے خاطر خواہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔انشورنس کلیمز سے متعلق لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ انشورنس کمپنیوں پر لوگوں کے اعتماد میں اضافہ ہو۔وفاقی حکومت انشورنس سیکٹر کی بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے اور یقیناً اس سلسلے میں ہر ممکنہ تعاون فراہم کرے گی۔

شال بقیہ 15

الشال کانفرنس پشاور میں منعقد کی جس پر صوبائی امیر خیبر پختونخواہ مولانا عطاء الرحمن اور انکی پوری ٹیم صوبائی قیادت میزبان ضلع پشاور سمیت صوبے کے تمام اضلاع کے قائدین و کارکنان کو خراج تحسین پیش اور مبارکباد دے تا ہوں۔انہوں نے کہا کہ مسلسل کوششوں سے اتنی بڑی ریکارڈ توڑ عدیم الشال کانفرنس منعقد ہو سکی اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کے وژن کو بڑی کامیابی کے ساتھ آگے بڑھایا گیا ہے اللہ تعالیٰ یوم الفتح کانفرنس کے اثرات کو پورے ملک اور دنیا بھر میں مرتب فرمائے اور گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم و گستاخ صحابہ کا منہ ہمیشہ کالا کرے۔

شال بقیہ 16

اور دیگر بحال کیلئے 267 کیٹگ مینوں میں دو سو دس ریٹائر ہو گئے ہیں اور اب صرف 57اہلکار ریلوے ٹریک کی دیکھ بھال کیلئے تعینات ہیں اسی طرح کوئٹہ بی سیکشن پر اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹرز کی ہیں پوسٹ خالی پڑی ہیں عملے کی کمی کے باعث اس سیکشن پر انگریز دور کے بنے دس سے زائد ریلوے اسٹیشن بند کر دیئے گئے جبکہ کوئٹہ تفتان سیکشن پر تو بیشتر ریلوے اسٹیشن خالی پڑے ہیں محکمہ ریلویز نے اس ڈویژن میں انجن ڈرائیورز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ساٹھ سال کی عمر پوری کر کے ریٹائرڈ ہونے والے ڈرائیوروں کو تین سال کے کنٹریکٹ پر دوبارہ تعینات کر دیا ہے۔

شال بقیہ 17

آصف جمالدینی و دیگر رہنماں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کمپنی کی نااہلی کی وجہ سے کھوڑی ضلع خضدار تا سونمیانی کی 70 کلومیٹر تک سی پیک کو ملانے والی اہم سڑک سیلابی پانی کی نظر ہو چکا ہے۔جگہ جگہ پل ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں جبکہ سڑک کے دونوں کنارے پانی کے ساتھ بہہ چکے ہیں جس سے ٹریفک کی روانی میں شدید مشکلات کا سامنا ہیا انہوں نے کہا کہ وفاقی کے مقام پر لینڈ سلائیڈنگ اور راک سلائیڈنگ کی وجہ سے جابجا بڑے پتھروں کا ڈھیر سڑک پر موجود ہے جبکہ مزید لینڈ سلائیڈنگ اور راک سلائیڈنگ کا خطرہ ہے جسکی وجہ سے وفاقی سڑک پر سفر کرنا کسی خطرے سے خالی نہیں۔اگر ہنگامی طور پر ٹریفک بند کر کے بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیئے اقدامات نہیں کیئے گئے تو حادثات کے خطرے کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

شال بقیہ 18

کے اہل کاروں نے گاڑی کا پیچھا کیا لیکن ملزمان ایک اندھیرے علاقے میں گاڑی چھوڑ کر فرار ہو گئے انکوائر کے خفیہ خانوں کی تلاشی لی گئی تو اس میں سے 20 کلو اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد ہوئی جس کی مالیت لاکھوں روپے بنتی ہے ملزمان رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ملزمان کی گاڑی کو قبضہ میں لے لیا گیا مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 19

کے نیو ملک یار، اسماعیلزئی، اولہ ملک یار، کمال زئی، درویش آباد، پشین3، خان شہید اور ایف سی فیڈروں سے صبح10بجے سے دوپہر2بجے تک بجلی بند ہو گی۔علاوہ ازیں 12ستمبر کو لورالائی گرڈ اسٹیشن کے سٹی، نیو کچ، جنبل، درگئی، اوریا گی فیڈروں سے صبح9بجے سے ایک بجے دن تک بجلی کی فراہمی منقطع رہے گی۔کیسکو نے بجلی بندش سے زحمت پر متعلقہ صارفین سے معذرت کی ہے۔

شال بقیہ 20

اور پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا۔پیپلز پارٹی کے چیرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سندھ میں حالیہ شدید بارشیں قدرتی آفات ہے سندھ کے عوام کی اس مشکل وقت میں مدد کیلئے پورے پاکستان کو آگے آنا ہو گا صاحب ثروت لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہو گا۔بلاول بھٹو نے رتھور روڈ پر قائم بارش زدگان کی عارضی خیمہ بستی میں متاثرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اور سندھ حکومت کو آپکی مشکلات اور پریشانیوں کا بخوبی احساس ہے انشاءاللہ آپ کی بحالی اور اپنے گھروں کو واپسی کیلئے سندھ گورنمنٹ تمام وسائل بروئے کار لائے گی بلاول بھٹو نے متاثرین سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ پی پی کا بیٹا آج آپ سے ملنے آیا ہے۔

شال بقیہ 21

اکثریت کے اوپر کا "چیمبر" بلکل خالی ہے لیکن وزیر اطلاعات فیاض الحسن چوہان کے تازہ انکشافات جو کہ سچی اور ہم مصدقہ ہو گی کہ بعض وفاقی وزراء کے اوپر والے "چیمبر" کے خالی ہونے کی باوثوق تشخیص کی، انہوں نے کہا کہ یہ "سائنس اور ٹیکنالوجی" کا ہی کمال لگتا ہے کہ "بھوسے" کے بل بوتے پر فلکیات کی گتھیاں سلجھائی جاتی رہی، ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ فیاض الحسن چوہان ایک انتہائی زیرک سیاست دان ہیں اور یہ شاید اس وجہ سے ہے کہ ان کی سیاسی تربیت کا آغاز ایم ایم اے کے پلیٹ فارم سے ہوا، انہوں نے کہا توقع ہے کہ وہ اسی انداز سے وفاقی دماغوں کا پوسٹ مارٹم جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 22

سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کے ہمراہ سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر سجاد حیدر کمشاورزئی پولیو آفیسر ڈاکٹر خلیل احمد کورونا اسکریننگ ٹیم بھی تھی انہوں نے کہا مچھ پولیس کی درخواست پر ان کے اہلکاروں اور آفیسران کو کورونا وائرس کے حوالے سے مچھ ہسپتال میں اسکی رینگ کی جاری ہے مشتبہ مریضوں کے نمونے لئے جا رہے ہیں 24 سے 48 گھنٹے بعد ان کے نتائج موصول ہو جائیں گے انہوں نے کہا عوامی اجتماعوں کے تعین مطابق علاج معالجے اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے ایمرجنسی پورے ضلع کی ہسپتالوں کی فعال ہے اور جملہ ادویات کی فراہمی ایمرجنسی کے لئے بھی یقینی بنائی گئی ہے میری کوشش ہے کہ ضلع بھر کی تمام ہسپتالوں کے بنیادی مسائل حل ہوں محدود وسائل کے باوجود ڈاکٹرز پیرامیڈیکس اور ہسپتالوں کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں مچھ ہسپتال کے جملہ مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کئے جا رہے ہیں اور متعدد مسائل کو حل بھی کیا ہے۔

شال بقیہ 23

صدر رضاالرحمن، بی یو جے کے جنرل سیکرٹری رشید بلوچ، سنیئر صحافی سلیم شاہد، عبدالخالق رند، خلیل احمد سمیت دیگر بھی موجود تھے۔سابق ایڈیشنل آئی جی پولیس کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ نے کہا کہ کوئٹہ میں سات سالوں کے دوران صحافیوں نے بھرپور انداز میں پیشہ وارانہ صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے پولیس کا ساتھ دیا کئی جگہوں پر میڈیا نے ہماری رہنمائی بھی کی جبکہ دوران کام صحافیوں نے جانوں کے نذرانے بھی پیش کئے انہوں نے کہا کہ فیلڈ میں کام کرنے والے صحافی پولیس سے زیادہ رسک پر ہوتے ہیں اور خطرات سے کھیل کر عوام کو باخبر رکھنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ میڈیا ارتقاء کے عمل سے گزر رہا ہے لیکن بنیادی کام آج بھی خبر کی ترسیل اور عوام کو باخبر رکھنا ہے۔

شال بقیہ 24

معاملات کو اسی پروجیکٹ نے بری طرح متاثر کر کے رکھ دیا ہے پروجیکٹ میں فزیبلیٹی اگر پائیدار بنیادوں پر عملدرآمد کی جاتی تو لوگوں کو اپنے سینکڑوں ایکڑ زرعی اراضیات کو آب برد دیکھنا نہ پڑتا جبکہ ذمہ داران لوگوں کی شراکت ومشاورت کو اس پروجیکٹ میں اپنے لیے گناہ عظیم گردانتے ہیں پروجیکٹ پر جاری کام کو زیر بحث لایا اور تمام پہلوؤں پر تفصیلی گفت وشنید کی گئی اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی رہنما و سابق ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین قادر بخش قادر جاموٹ اور سیاسی سماجی شخصیت حاجی قمرالدین روڈجو کی قیادت میں کثیر تعداد میں زمیندار موجود تھے۔

شال بقیہ 25

ٹیپ بال کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی اور تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ٹورنامنٹ میں 10ٹیموں نے حصہ لیا جن میں لیجنڈ کلب فاتح جبکہ وارث بردار زرتاج رہی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی نے نوجوانوں کو مثبت راہ پر گامزن کر کے انہیں ملک کا باصلاحیت شہری بنانے کا بیڑہ اٹھایا ہے یہی وجہ ہے کہ صوبے میں ہر ضلع میں اسپورٹس کمپلکس بنائے جا رہے ہیں ہم کھیلوں کے میدان آباد کر کے نوجوانوں کو صحت مند جسم اور دماغ دیں گے۔انہوں نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ اقلیتی کھلاڑی بھی اپنے فن کے جوہر دکھا رہے ہیں جلد ہی اقلیتوں کے لئے علیحدہ ٹرائل منعقد کر کے مختلف کھیلوں کی ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی جو ملکی سطح پر ہونے والے مقابلوں میں حصہ لیں گی، انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ماضی کی طرح ایک بار پھر اپنے آباؤاجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مثبت سرگرمیوں کی جانب مائل ہوں تاکہ وہ ملک و قوم کا نام روشن کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔اس موقع پر انہوں نے بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں، فاتح اور رنرز اپ ٹیموں میں انعامات بھی تقسیم کئے۔

شال بقیہ 26

مطابق جمعرات کو خاران کے علاقے تلی نوروز آباد میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خاران آفس کے کلرک نیک محمد اور حاجی فیض اللہ جاں بحق ہو گئے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 27

جمعرات کو ہرنائی کوئٹہ شاہراہ شاہرگ کے قریب گاڑیوں کے درمیاں ٹکر کے نتیجے میں اسرار اللہ نامی شخص زخمی ہو گیا زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 28

، تفصیلات کے مطابق چاغی ڈرم بازار میں عبدالباری ولد ملا محمد رسول نامی شخص کے پیٹرول پمپ میں آگ لگ گئی پٹرول پمپ میں موجود لاکھوں روپے کا پیٹرول اور دیگر قیمتی سامان جل گیا اس موقع پر سول انتظامیہ اور ایف سی 56ونگ کے جوان موقع پر پہنچ کر آگ کو قابو کرنے کی کوشش کی۔پمپ مالک کا کہنا کہ آگ لگنے کا وجہ معلوم نہ ہو سکا اور ایف سی اور سول انتظامیہ موقع پر پہنچ کر ہمیں ریسکیو کیا۔اور چاغی شہر بڑی تباہی سے بچ گیا۔جس پر ہم ایف سی اور سول انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

شال بقیہ 29

عمران خان آج ایک روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے جہاں وہ گورنر بلوچستان جسٹس (ر) امان اللہ یاسین زئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے ملاقاتیں، کورونا وائرس اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال سمیت صوبے کے ترقیاتی امور پر بھی بریفنگ لیں گے۔

شال بقیہ 30

علاقے گاوں مور جھبر میں سیلاب متاثرین کی نقل مکانی کے دوران کشتی الٹ گئی، کشتی میں خواتین سمیت 25 سے زائد افراد سوار تھے، ایدھی کے مطابق کشتی الٹ جانے کے باعث ڈوبنے والی دو بچیوں کی نعشوں سمیت باقی افراد کو باسلامت نکال لیا گیا ہے جبکہ 3 افراد کو بے ہوشی حالت میں ایمبولینس کے ذریعے خیرپور سول منتقل کیا گیا جاں بحق بچیوں میں سندھو ولد محمد علی شیخ عمر 15 سال، لیلا ولد محرم شیخ عمر 14 سالہ شامل ہیں۔

شال بقیہ 31

میں عمران خان کا پہلا ٹمپر، برطانوی جریدے ایشین ورلڈ نے فہرست جاری کردی۔تفصیلات کے مطابق کورونا وبا پر قابو پانے کی بروقت اور زبردست حکمت عملی کس کی رہی؟ برطانوی جریدے ایشین ورلڈ نے ٹاپ 10 سیاستدانوں کی فہرست جاری کر دی ہے۔اس فہرست میں وزیر اعظم عمران خان نے بڑے بڑے عالمی رہنماں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ان کا کورونا سے نمٹنے والے کامیاب سیاستدانوں کی فہرست میں پہلا نمبر ہے جبکہ معاون خصوصی زلفی بخاری بھی ٹاپ 10 میں شامل ہیں۔رپورٹ میں کہا گیا کہ ان ٹاپ 10 سیاستدانوں نے وائرس کے اثرات دور کرنے کیلئے سخت محنت کی۔عمران خان نے کورونا وبا کے دوران امدادی فنڈ شروع کیا۔بے روزگار افراد تک حکومت کی جانب سے بروقت مدد پہنچائی گئی۔اس فہرست میں کانگرس ویمن برائے نیویارک الیگزینڈریا کا دوسرا، نیوزی لینڈ کی وزیر اعظم جسنڈا آرڈن کا تیسرا، کینیڈا کے وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو کا چوتھا اور معاون خصوصی برائے اوورسیز زلفی بخاری کا ساتواں نمبر ہے۔برطانوی جریدہ کا کہنا ہے کہ زلفی بخاری نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی مدد کے لئے مشن کی قیادت کی اور بیرون ملک پھنسے ہم وطنوں کی واپسی پر بہترین کام کیا۔اس فہرست میں فن لینڈ کی وزیر اعظم سنا مرین چوتھے نمبر پر ہیں۔

شال بقیہ 32

گیا ہے کہ نواز شریف عدالتی نظام کی آنکھوں میں دھول جھونک کر سیر سپاٹے کر رہے ہیں۔اپنے بیان میں ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ نواز شریف پلیٹ لیٹس کم ہونے کا ڈرامہ رچا کر بیرون ملک گئے، جعلی شیر بیماری کے پیچھے چھپنے کے بجائے کرپشن کیسز کا سامنا کرے۔شہباز گل کا سابق وزیر اعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہنا تھا کہ نواز شریف دنیا کے پہلے مریض ہیں جن کی طبیعت کرپشن کیسز کے مطابق سنبھلتی اور بگڑتی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ قوم جاننا چاہتی ہے کہ لندن کے ہوٹلوں اور پارکوں میں کونسا علاج ہو رہا ہے؟ نواز شریف اعلیٰ عدلیہ سے سرٹیفائیڈ کرپٹ کے بعد اشتہاری مجرم قرار دیئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ باتوں کی حد تک لیڈری کرنے والے اپنے ورکرز کو اکیلا چھوڑ کر لندن میں ہوا خوری کرتے نظر آتے ہیں۔

شال بقیہ 33

اور بجلی کی قیمتیں بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان رابطہ ہوا ہے جس میں عالمی مالیاتی ادارے کی جانب سے پاکستان سے ایک مرتبہ پھر ڈومور کا مطالبہ کرتے ہوئے پاکستان پر بجلی اور گیس کی قیمتیں بڑھانے کے لیے زور دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے گردشی قرضے کم کرنے کے لیے اقدامات پر زور دیا ہے۔اس کے علاوہ بجلی کے نقصانات کم کرنے کے لیے اقدامات پر بھی زور دیا ہے۔آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ پھر اور اوگرا کو نرخوں کے بارے میں فیصلوں کے لیے زیادہ سے زیادہ خود مختاری دی جائے۔علاوہ ازیں آئی ایم ایف کی جانب سے معاشی اور ٹیکس اصلاحات پر عملدرآمد یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا ہے جب کہ جولائی تا ستمبر کی سہ ماہی کے ٹیکس کا ہدف ہر صورت حاصل کرنے کا کہا گیا ہے۔آئی ایم ایف نے جولائی تا ستمبر کی سہ ماہی میں 1ہزار ارب سے زائد ٹیکس جمع کرنے مطالبہ کیا ہے۔

شال بقیہ 34

خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی گل احمد کی زیر نگرانی میں ٹریفک پولیس سارجنٹ غوث بخش اور اپنے پولیس نفری کے ہمراہ خضدار کی مختلف شاہراہوں پر توڑ پھوڑ کارروائیاں شہر خضدار میں انڈیکیٹر لائٹ جعلی پلیٹ نمبر اور ڈرائیونگ لائسنس نہ ہونے کی صورت میں گاڑی مالکان کو بھاری جرمانہ عائد کر دیا جائے گا اور رات کے وقت کوئٹہ ٹو کراچی قومی شاہراہ پر مال بردار گاڑی میں اوورلوڈنگ اور اوورسپیڈ لگانے والی مسافر کوچوں کو بھی جرمانہ کیا گیا۔ٹریفک پولیس سارجنٹ غوث بخش نے گفتگو کرتے ہوئے کہا گذشتہ شب جو واقعہ مستونگ کھڈ کوچ کے مقام جو پیش آیا وہ بھی تیز رفتار کے باعث ہوا ڈرائیور حضرات سے گزارش ہے کہ قومی شاہراہ پر اوورسپیڈ نہ کریں تاکہ قیمتی جانوں کا ضائع نہ ہو۔

شال بقیہ 35

سوشل ویلفیئر دفتر پنج گر اختتام پذیر ہوئی واک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر رزاق خان بنگل، ڈسٹرکٹ لٹریسی آفیسر طیبہ طاہرہ اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر عاشق علی چنہ نے کہا کہ تعلیم یافتہ بلوچستان ترقی اور خوشحال بلوچستان کی ضمانت ہے یوم لٹریسی کے موقع پر شعور آگہی کے لیے واک ریلی کا اہتمام کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 36

مینگل کے چیرمین ورکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی، ملک عبدالرحمن بازئی، سید عبدالقہار آغا، جبار کاکڑ، خالق داد، یوسف ظفر ڈومری، کیسکو چیف، محکمہ انرجی کے حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبے کے 7اضلاع میں تجرباتی بنیادوں پر بعض فیڈرز پر میٹرز نصب کئے جائیں گے جبکہ زمینداران ماہوار بنیادوں پر بلوں کی ادائیگی یقینی بنائے گی۔

شال بقیہ 37

کہ موجودہ حکومت عوام کی فلاح وبہبود پر

بلوچستان کے 17 اضلاع میں فیڈر پر میٹرز نصب کئے جائیں گے، زمرک خان اچکزئی

زمینداروں کے مسائل سے متعلق ایک جامع رپورٹ مرتب کرکے وزیراعلیٰ بلوچستان کو پیش کی جائیگی

نمائندہ وفد وفاقی حکومت کے ساتھ معاملات کو زیر بحث لائینگے، صوبائی وزیر زراعت

کوئٹہ صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی زمیندار ایکشن کمیٹی کے ساتھ منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) زمینداروں کو درپیش مسائل سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر قائم کمیٹی کے سربراہ صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ زمینداروں کی باہمی مشاورت سے صوبے کے 7 اضلاع میں تجرباتی بنیادوں پر بعض فیڈرز پر میٹرز نصب کئے جائیں گے، زمینداروں کے مسائل سے متعلق ایک جامع رپورٹ مرتب کرکے وزیراعلیٰ بلوچستان کو پیش کی جائیگی اور نمائندہ وفد وفاقی حکومت کے ساتھ معاملات کو زیر بحث لائیگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زمیندار ایکشن کمیٹی کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جمعرات کے روز وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر قائم کمیٹی کے سربراہ صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں زمیندار ایکشن بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوبزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب کے نائب صدر و سینئر صحافی بنارس خان سے انکی بھابھی کے انتقال پر اربابِ غلام علی روڈ کلی دیبہ میں واقع انکی بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

پولیس عوام کی جان و مال کا محافظ ہے، فہد خان کھوسہ

شہر کی نواح میں واقع کچی آبادیوں کی کڑی نگرانی کی ضرورت ہے

سماج دشمن عناصر بالخصوص منشیات فروشوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائیگی

ژوب (آن لائن) پولیس عوام کی جان و مال کا محافظ ہے سماج دشمن عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی ان خیالات کا اظہار ایس پی لیفٹیننٹ (ر) فہد خان کھوسہ نے پولیس تھانہ میں کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈی ایس پی سکندر خان ترین ڈی ایس پی سعد خان خروٹی ڈی ایس پی شین گل مندوخیل ایس ایچ او شیر علی مندوخیل اور دیگر بھی موجود تھے سینئر قانون دان صمد خان مندوخیل جماعت اسلامی کے مولانا مولاداد کاکڑ عوامی نیشنل پارٹی کے جنرل سیکرٹری نقیب بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بلوچستان بلوچ کی شناخت اور ساحل اس کا اثاثہ ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

میر حاصل خان بزنجو نے اپنے سیاسی اصولوں پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کیا، مکران میں نیشنلزم کا راستہ روکنے کی سازشیں کی جارہی ہیں

بلوچستان کے معروضی حالات بلوچستان کے حقیقی قوم پرستوں سے اپنی حکمت عملی پر دعوت فکر کا متقاضی ہے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر مالک بلوچ کا گوادر میں میر حاصل خان بزنجو کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے خطاب میر حاصل خان بزنجو نے اپنے سیاسی اصولوں پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کیا، مکران میں نیشنلزم کا راستہ روکنے کی سازشیں کی جارہی ہیں بلوچستان بلوچ کی شناخت اور ساحل اس کا اثاثہ ہے۔ بلوچستان کے معروضی حالات بلوچستان کے حقیقی قوم پرستوں سے اپنی حکمت عملی پر دعوت بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند و ڈی ڈائریکٹر ضلعی تعلیمی افسران کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

میر سلیم احمد خان کھوسہ ماضی کی طرح عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں رہتے ہیں، نور مصطفیٰ کھوسہ

مانجھی پور (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی صحبت پور تحصیل کے صدر نور مصطفیٰ کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ضلع صحبت پور کی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے علاقے میں ترقیاتی کاموں کے جال بچھا دیئے ہیں جو کہ عام عوام بھی اس سے مستفید ہو رہے ہیں حالیہ دنوں میں صوبائی وزیر نے ضلع صحبت پور میں مختلف روڈز کی اسکیمات دی ہیں جس کے جلد ہی ٹینڈر ہو کر بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی عوامی حقوق پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کرے گی، حاجی خان محمد بزنجو

پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی ملک کی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوا ہے

کوئٹہ (پ ر) ممتاز سیاسی سماجی و قبائلی شخصیت پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما حاجی خان محمد بزنجو نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی حقوق پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کرے گی پارٹی نے عوام اور ملک کی خاطر عظیم قربانیاں دی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز ایس ایف کے ایک نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وقت کی قیادت سمیر رند نہیں کر رہے تھے جبکہ وفد میں شیر یار بلوچ احمد خان ملک احمد منیر ندیم بلوچ اور دیگر شامل تھے حاجی خان محمد بزنجو نے کہا کہ پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی ملک کی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوا ہے روزگاری کا خاتمہ ہوا ہے مہنگائی کنٹرول میں رہا ہے یہی وجہ ہے کہ بین الاقوامی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

کسٹم کوئٹہ کی کاروائی کروڑوں روپے کا غیر ملکی سامان برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کسٹم کوئٹہ کی کاروائی کروڑوں روپے کا غیر ملکی سامان برآمد۔ کسٹم حکام کے مطابق گزشتہ شب لکھیاس کے مقام پر کلیئرنس کسٹرز کی ہدایت پر کاروائی کرتے ہوئے کسٹم حکام نے کوئٹہ سے کراچی جانے والے صحافتک کی تلاشی کے دوران پیاز کے آڑ میں چھپائی گئی سرسطلو، بیگرینس اور دیگر غیر ملکی سامان برآمد کر کے قبضے میں بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

خضدار ٹریفک پولیس کی سنگل لائٹ انڈیکیٹر لائٹ جعلی پلیٹ نمبر اور لوڈنگ بغیر ڈرائیور لائسنس کرنے والے متعدد گاڑیوں مالکان کو بھاری جرمانہ عائد کردی گی

خضدار (نامہ نگار) خضدار ٹریفک پولیس کی سنگل لائٹ انڈیکیٹر لائٹ جعلی پلیٹ نمبر اور لوڈنگ بغیر ڈرائیور لائسنس کرنے والے متعدد گاڑیوں مالکان کو بھاری جرمانہ عائد کردی گی۔ خضدار ایس ایس پی گل سید خان آفریدی کی بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

خضدار میں محکمہ ہیلتھ کا نظام بہتر انداز میں چل رہا ہے، ڈاکٹر سومار خان بلوچ

دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے تمام تر مناسب سہولیات مریضوں کو فراہم کی جارہی ہے

خضدار (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر سومار خان بلوچ نے کہا ہے کہ خضدار میں محکمہ ہیلتھ کا نظام بہتر انداز میں چل رہا ہے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے تمام تر مناسب سہولیات مریضوں کو فراہم کی جارہی ہے۔ ماضی کی بہتر ہسپتالوں کی صورتحال میں کافی بہتر آئی ہے اگر جہاں کبھی کام کرنے کی گنجائش موجود ہے یا مسائل ہیں تو اس کو بھی بہتر بنانے میں حل کرنے کی کوشش کی جاری ہے۔ محکمہ ہیلتھ خضدار کے چند ایک ملازمین جو کہ بلاوجہ تنقید کر رہے ہیں ان کی تنقید کی وجہ یہی ہے کہ وہ اپنے لئے آسانیاں اور ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے کے بہانے تلاش کر رہے ہیں۔

کوئٹہ سابق ڈی آئی جی عبدالرزاق چیمہ کے اعزاز میں پریس کلب کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ میں صدر پریس کلب رضا الرحمن، سلیم شاہد، عبدالخالق رند و دیگر شریک ہیں

سیلاب متاثرین کی نقل مکانی کے دوران کشتی الٹ گئی، 2 بچیاں جاں بحق

سکھر (این این آئی) ایدھی انفارمیشن سکھر کے جاری کردہ بیان کے مطابق خیرپور گوٹھ کے بچے کے علاقے گاؤں مور جھبر میں سیلاب متاثرین کی نقل مکانی کے دوران کشتی الٹ بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

کاروباری اداروں پر نیچرل گیس کی بھاری قیمتوں کا بوجھ ڈالنے کی مخالفت

اقدام صوبہ کو معاشی لحاظ سے مزید بدحالی کی جانب سے دھکیلنے کی سازش ہے، صدر سرحد چیمبر مقصود انور

پشاور (این این آئی) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر انجینئر مقصود انور پرویز نے گیس میں خود کفیل صوبہ خیبر پختونخوا کی صنعتوں اور کاروباری اداروں پر برآمد شدہ مہنگی ری کیسی فائیڈ لیکوفائیڈ نیچرل گیس کی بھاری قیمتوں کا بوجھ ڈالنے کے اقدام کو صوبہ کو معاشی لحاظ سے مزید بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں حکومت کی کوئی شے دکھائی نہیں دیتا، نیشنل پارٹی

ملک میں آئین و قانون موجود ہے اور اس نے تمام اداروں کے دائرے کار واضح کئے

انتظامیہ مقننہ اور عدلیہ ہر ایک اپنے آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا ہوگا، سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی و دیگر

مستونگ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی مرکزی سیکریٹری جنرل میر جان محمد بلیدی بلوچستان وحدت کے صوبائی صدر میر عبدالخالق بلوچ مرکزی خواتین سیکریٹری محترمہ یاسمین لہڑی بی ایس او پجار کے مرکزی آرگنائزر زبیر بلوچ نے کہا ہے کہ میر جمہوریت مرحوم میر حاصل خان بزنجو ایک عہد ساز شخصیت تھے جنہوں نے پوری زندگی محکوم و مظلوم عوام کی حقوق اور ملک میں حقیقی جمہوریت کے قیام، پارلیمنٹ کی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سیشن کورٹ پیشی کے موقع پر غلام صابر حاجی محمد رفیق مینگل کا پیشی کے موقع پر سینئر وکلاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

20 ستمبر صبح نو بجے ڈیرہ مراد جمالی سے سینکڑوں گاڑیوں کا قافلہ اسلام آباد کیلئے روانہ ہوگا

بلوچستان کے واحد نہری نظام کو کرپشن کا آماجگاہ بنا دیا گیا ہے، میر نظام الدین لہڑی و دیگر

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پٹ فیڈر کینال بچاؤ تحریک اسلام آباد میں دھرنا دینے کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا۔ سینکڑوں گاڑیوں کا قافلہ 20 ستمبر صبح نو بجے ڈیرہ مراد جمالی سے روانہ ہوگا بلوچستان کا واحد نہری نظام کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا اہم نسلوں کو تباہ و برباد نہیں ہونے دینگے سروں پر کفن باندھ کر نکلیں گے بڑی سیاسی پارٹیوں زمینداروں کاشتکاروں نے حمایت کا اعلان کر دیا تین ارب ستانوے کروڑ روپے کی خطیر رقم صرف پاش کرنے میں فرق ہوگئی تحقیقاتی اداروں بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

حالیہ بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے، حسن وقار چیمہ

بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں اور لوگوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے گا

اوتھل (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں اور لوگوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع لسبیلہ کے مختلف علاقوں سے آتے ہوئے وفود سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا وفد سے تحصیل ریلہ کی چار بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت عوامی معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے بنیادی بنیادوں پر کام کررہی ہے، عبدالقدوس مینگل

غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں کرینگے ہمیں عوامی مفادات عزیز ہیں

نصیر آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی انسپکشن ٹیم کے ممبر عبدالقدوس مینگل نے ضلع کچھی کے علاقے میں تمام مکمل و زیر تعمیر ہونے والی ترقیاتی اسکیمات کا دورہ کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر مصعب اللہ اچکزئی اور ایکسین پی ایچ آر نے انہیں ترقیاتی منصوبوں کے متعلق تفصیلی بریفنگ دے دی دورے کے موقع پر انہوں نے روڈز اور بلڈنگز اور شوران ریزیڈنشل سکول اور زیر تعمیر فلیٹس کے کاموں کا جائزہ بھی لیا اور حالیہ طوفانی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کوئٹہ کے ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق محمد احمد خان (جونیئر کلرک) ٹریننگ برانچ 5 مارچ 2020 سے بغیر کسی اطلاع و اجازت غیر حاضر ہے۔ آپ کا یہ عمل سرکاری ذمہ داریوں کے اصولوں کے خلاف ہے۔ جو کہ خلاف بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ضلع بھر کے بہت سے علاقوں میں ٹڈی دل کے حملے ایک لمہ فکریہ ہے، جمیل احمد بلوچ

زراعت کی ترقی کاشتکاروں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے موجودہ حکومت مختلف منصوبوں پر عملدرآمد کررہی ہے

اوتھل (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ریونیو ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ ضلع لسبیلہ میں زراعت کے شعبے کو جدید سائنسی خطوط پر استوار کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے زرعی شعبے کی ترقی اور ٹڈی دل کے کنٹرول سے متعلق اجلاس کی صدارت بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

سندھ میں ایک بھی مہاجر ایڈمنسٹریٹر نہیں لگایا گیا، ڈاکٹر سلیم حیدر

کراچی، حیدرآباد مہاجروں کے اکثریتی شہر ہیں جہاں دیہی علاقوں کے سندھی افسر لگائے گئے

کراچی (این این آئی) مہاجر اتحاد تحریک کے چیئرمین ڈاکٹر سلیم حیدر نے کہا ہے کہ حکومت سندھ نے سندھ سروس ایکٹ کی دھجیاں اڑا دی ہیں۔ کراچی کے بلدیاتی اداروں میں مقامی افسران کے بجائے پیپلز پارٹی سے وابستگی کی بنیاد پر سندھی ایڈمنسٹریٹروں کو تعینات کیا گیا بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر میر عمر جمالی سیکریٹریٹ آفس میں اپنے حلقے کے لوگ ملاقات کررہے ہیں

کوہلو کے تمام بی ایچ یوز میں اسٹاف کے غیر حاضری پر کوئی کمی برداشت نہیں کیا جائیگا، غلام رسول کھیتران

لوگوں کو ان کے دہلیز پر صحت کے سہولیات کی فراہمی پر یقین رکھتا ہوں، ڈی ایس ایم پی بی ایچ کوہلو

کوہلو (نامہ نگار) بی بی ایچ آئی کوہلو کے ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر غلام رسول کھیتران نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ عوام کے دہلیز پر بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی پر یقین رکھتا ہوں کوہلو کے دور افتادہ علاقوں میں صحت کے بنیادی سہولیات کی فراہمی بی بی ایچ آئی کوہلو کو بنیادی اولین ترجیح ہیں کوہلو تمام بی ایچ یوز میں اسٹاف کی حاضری کو یقینی بنانے کے لئے جدید اقدامات کیا جارہے تمام بنیادی مراکز صحت میں پینے کے صاف پانی باتھ روم اور صاف ستھرا ماحول کے لئے بھی اقدامات شروع کر بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

تعلیم یافتہ بلوچستان ترقی اور خوشحال بلوچستان کی ضمانت ہے، ڈپٹی کمشنر رزاق خان مجگ

یوم لٹریسی کے موقع پر شعور آگہی کے لیے واک ریلی کا اہتمام کیا گیا ہے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں ڈپٹی کمشنر جعفر آباد رزاق خان مجگ اور ڈسٹرکٹ لٹریسی آفیسر جعفر آباد طیبہ طاہرہ کی قیادت میں لٹریسی واک کا اہتمام کیا گیا ڈپٹی کمشنر دفتر سے نکلنے والی واک ریلی میں ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر عاشق علی چنڈ، بی این پی عوامی کے سینٹرل کمیٹی ممبر حاجی علی اکبر جنگ سپروائزر لٹریسی محمد نواز مگسی سوشل ورکر محمد ایوب سمیت درجنوں افراد نے شرکت کی واک ریلی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پروموشن کی وجہ سے خالی ہونے والے پوسٹوں پر ڈائریکٹ بھرتی کا سلسلہ بند کیا جائے، شین گل خان ترین

پروموشن کی وجہ سے خالی ہونے والے پوسٹوں پر ڈائریکٹ بھرتی کا سلسلہ بند کیا جائے

لورالائی (این این آئی) پی ڈبلیو ڈی بی ایڈ آر اینڈ بی لورالائی یونین لورالائی زون کے زیر اہتمام ایک احتجاجی مظاہرہ کا انعقاد لورالائی کے نائب صدر شین گل خان ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اس احتجاجی مظاہرے سے شین گل خان ترین، سینئر مزدور رہنما جعفر خان اور دیگر نے خطاب کیا مقررین نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات میں عرصہ دراز سے درجہ چہارم (کلاس فور) کی خالی بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

سیاسی بنیادوں پر رسالدار میجر کے تبادلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کریں گے، قبائلی عمائدین

رسالدار میجر شیر محمد مری ایک بہادر اور ایماندار آفیسر ہیں، روزی خان مری

کوہلو (این این آئی) مری قبیلے کے مختلف سیاسی رہنماؤں وڈیرہ روزی خان ڈنگ، وڈیرہ آدم خان شیرانی، وڈیرہ اصغر خان سومرانی، محمد عثمان زرکون، سرور خان زرکون، وڈیرہ عزیز کھیتانی، وڈیرہ یار محمد مرگیانی، وڈیرہ عبدالرحمن لاگھانی نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے گزشتہ روز رسالدار میجر شیر محمد مری کی انتقامی اور سیاسی تبادلے کی شدید الفاظ میں مذمت بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

چاغی سی ایم اسکالرشپ کے نام پہ طالبات کو دیوار سے لگانے کی کوشش کی جارہی ہے، گودی نسرین بلوچ

اسکالرشپ کو بجائے میرٹ پہ دینے کی بجائے اسے من پسند لوگوں میں تقسیم کرنے کی سازش کی جارہی ہے

چاغی (آن لائن) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن چاغی و الحمد دین گرلز کالج کے یونٹ سیکرٹری گودی نسرین بلوچ یاسمین بلوچ، سیہ بلوچ ثانیہ بلوچ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ چاغی سی ایم اسکالرشپ کے نام پہ طالبات کو دیوار سے لگانے کی کوشش کی جارہی ہے اسکالرشپ کو بجائے میرٹ پہ دینے کی بجائے اسے من پسند لوگوں میں تقسیم کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔

ہرنائی شہر کو چوروں، منشیات فروشوں کے رحم کرم پر چھوڑ دیا گیا، متحدہ اپوزیشن اور انجمن تاجران

پولیس عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہرنائی میں چوری کی وارداتیں روز کا معمول بن چکا ہے

ہرنائی (نامہ نگار) پشتونخوامیپ کے ضلعی دفتر میں متحدہ اپوزیشن جماعتوں، سیلاب زدگان ایکشن کمیٹی و انجمن تاجران کے عہدیداروں کا مشترکہ اجلاس کے بعد ہنگامی پریس کانفرنس ہرنائی میں امن و امان کی مخدوش صورتحال آئے روز لوگوں کے گھروں میں چوری ڈکیتیوں، منشیات فروشوں کی کھلی چھوٹ اور سرد تی حفاظتی بند کی تعمیر میں ناقص میٹریل کا استعمال اور پی ڈی ون کے بجائے اپنے مرضی تعمیر انتہائی غم و غصے کا اظہار۔

عوام کو تعلیم اور صحت کی سہولیات کی فراہمی ترجیحات میں شامل ہیں، شاہینہ کاکڑ

نرسز قوم کی عظیم بیٹیاں ہیں جو بیمار آفراد کی تیمارداری کرکے اپنا فریضہ سرانجام دیتے ہیں

نرسنگ کا شعبہ نہایت مقدس اور خدمت خلق کا سرچشمہ ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کی رکن صوبائی اسمبلی محترمہ شاہینہ کاکڑ نے کہا ہے کہ نرسز قوم کی عظیم بیٹیاں ہیں جو بیمار آفراد کی تیمارداری کرکے اپنا فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔ نرسنگ کا شعبہ نہایت مقدس اور خدمت خلق کا سرچشمہ ہے خدمت خلق کرنے والے نہ صرف اپنی آخرت کو سنوارتے ہیں بلکہ ان کو دنیا میں بھی عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، عوام کو تعلیم اور صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین میں نرسنگ کالج پشین افتتاح کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

سیکرٹری سپورٹس عمران گچکی اور ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری آپس میں گفتگو کررہے ہیں

پریس اور پولیس کا چولی دامن کا ساتھ ہے، ملک عبدالجبار رونجھو

عوام اوتھل پولیس کے ساتھ تعاون کریں انشاء اللہ اوتھل کے عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاؤں گا

اوتھل (نامہ نگار) اسٹیشن ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) پولیس تھانہ اوتھل ملک عبدالجبار رونجھو نے چارج سنبھالنے کے بعد اپنے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پریس اور پولیس کا چولی دامن کا ساتھ ہے صحافی معاشرتی برائیوں کی نشاندہی کریں معاشرتی برائیوں اور منشیات کے خلاف کاروائی میں کوئی تفریق نہیں کی جائے گی ابھی چارج سنبھالے ہوئے دو روز ہی ہوئے ہیں صورتحال کا جائزہ لیکر شہریوں کا پولیس پر اعتماد بحال کروں گا ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی نے مجھے جو ذمہ داری سونپی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ پشین کی زمین سپورٹس کے حوالے بڑی ذرخیز ہے، عمران گچکی

نوجوانوں کو گراؤنڈز میں لانے کیلئے بہترین سہولتیں دے رہے ہیں، سیکرٹری سپورٹس

پشین (خ ن) سیکرٹری سپورٹس عمران گچکی نے کہا کہ ڈسٹرکٹ پشین کی زمین سپورٹس کے حوالے بڑی ذرخیز ہے سپورٹس کے فروغ و ترقی کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں نوجوانوں کو گراؤنڈز میں لانے کیلئے بہترین سہولتیں دے رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وہ شو کنگو مارشل آرٹ انٹرنیشنل اکیڈمی پشین میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

چمتر کے علاقے پل چونے سے ایک شخص کی نعش برآمد

چاغی (آن لائن) چمتر کے علاقے پل چونے سے ایک شخص کی نعش برآمد لیویز ذرائع کے مطابق والحمد دین کے دیہی علاقہ پل چونے سے حفیظ اللہ نامی شخص کی مسخ شدہ نعش برآمد ہوئی ہے خاندانی ذرائع کے مطابق حفیظ اللہ 30 اگست 2016 والحمد دین گل قاسم خان سے لاپتہ ہوا تھا جس بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

دو رویہ سڑکیں نہ ہونے سے ٹریفک حادثات رونما ہورہے ہیں، ڈائریکٹر کاشف حیدری

صوبے کی تمام شاہراہیں غیر محفوظ ہیں، بلوچستان کی تمام شاہراہوں کو دو رویہ بنایا جائے

کوئٹہ (این این آئی) سماجی رہنما اور موٹنٹ گروپ کے ڈائریکٹر کاشف حیدری نے کوئٹہ، کراچی کے قومی شاہراہوں پر ہونے والے ٹریفک حادثات میں انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دو رویہ سڑکیں نہ ہونے سے ٹریفک حادثات رونما ہورہے ہیں صوبے کی تمام شاہراہیں غیر محفوظ ہیں۔ بلوچستان کی تمام شاہراہوں کو دو رویہ بنایا جائے۔ کراچی ژوب اور کوئٹہ کی مشرقی و مغربی بائی پاس سنگل روڈ ہونے کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں روزانہ کئی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔

خضدار میں چوروں نے دکان کی شٹر توڑ کر نقدی اور قیمتی سامان لے گئے

خضدار (آن لائن) خضدار میں چوروں نے دکان کی شٹر توڑ کر نقدی اور قیمتی سامان لے گئے تفصیلات کے مطابق بدھ اور جمعرات کی شب سول کالونی خضدار نامعلوم چوروں نے تاجر محمد عامر کی دکان کی شٹر توڑ کر نقدی اور قیمتی سامان چرا کر لے گئے دکاندار محمد عامر محمد حسنی نے تھانہ خضدار میں اطلاعی رپورٹ دینے کے بعد خضدار پریس کلب میں صحافیوں کو بتایا کہ میں تعلیم یافتہ بے روزگار ہوں کچھ عرصہ سے رشتہ داروں سے ادھار لیکر ماڈل ہائی اسکول بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

سلیکٹڈ حکمران ملک کے بھی دشمن ہے اور مذہب کے بھی دشمن ہے، حاجی محمد شاہ لالا

ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کرنے والی سلیکٹڈ نیازی اور انکی ٹیم کو قوم کبھی قبول نہیں کریگی

عمران خان نیازی کو لانے والے قوتیں ندامت اور حسرت اور شرمندگی کا شکار ہے

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی سرپرست جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کا کزئی حلقہ 39 پشتون آباد کوئٹہ کے امیر حاجی محمد شاہ لالا جنرل سیکرٹری مولوی عبدالصمد قاری عبدالرحمن مولوی عزیز اللہ مولوی عبدالمتین ریگوی حافظ زبیر احمد مولوی عمر احمد عبیداللہ حافظ محمد ہاشم مولوی راز محمد مولوی محمد حاشم مفتی محمد اسماعیل مولوی ولی محمد قاری محمد قسیم مولوی محمد غوث مولوی نجیر جان، عبداللہ و دیگر نے کہا کہ سلیکٹڈ حکمران ملک کے بھی دشمن ہے اور مذہب کے بھی دشمن ہے اور ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کرنے والی سلیکٹڈ نیازی اور انکی ٹیم کو بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

کھیلو مقابلے بلوکے انعقاد کی ضرورت سے انکار ممکن نہیں، مٹھا خان کاکڑ

فٹ بال اسٹیڈیم میں تعمیر و مرمت کے لئے پانچ کروڑ روپے مختص کئے ہیں اسٹیڈیم میں فلڈ لائٹس لگائے جائینگے

صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے صحت مندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک و ماحولیات

ژوب (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو سٹاک و ماحولیات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے صحت مندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر میر ھوبیک بلوچ بی آر ایس پی منیجر ابراہیم آغا پی ایچ آئی سپورٹ منیجر مشتاق بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوہاٹ ڈویژن کو رواں سال ریکلمی کے 3 ارب روپے ملیں گے، تیمور جھگڑا

پشاور (این این آئی) منیجر پختونخوا کے کوہاٹ ڈویژن کوئیل اور گیس کی مد میں رواں سال 3 ارب روپے کی رائلٹی ملے گی۔ جنوبی اضلاع قدرتی وسائل سے مالا مال ہیں اور ان وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال میں لا کر نہ صرف صوبے بلکہ ملک کو زیر پا ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

حافظ آباد، قصبہ جلالپور میں ایک ہی رات میں چوری کی 4 وارداتیں

حافظ آباد (این این آئی) حافظ آباد کے قصبہ جلالپور میں ایک ہی رات میں چوری کی 4 وارداتیں۔ نامعلوم ملزمان ہزاروں روپے نقدی ملائشین کرنسی، زیورات بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سیشن کورٹ پیشی کے موقع پر غلام صابر حاجی محمد رفیق مینگل کا پیشی کے موقع پر سینئر وکلاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

بی اے پی